<u>جناب بہادر خان</u>: چې دغه هم واخلئ نو اخر مونږ سره به څه پریږدئ؟ دغه بنچ او دا یو شے دے خو زه په اپوزیشن کښې یم او ته په اقتدار کښې ئې، سبا به ته دلته ناست ئې زه به هلته ناست یم، بیابه څه کوؤ؟ انتقامونه اغستل او دا غلط کار کول نه دے پکار، دا نه کیږی، تاسو زما فنډ، دا حق راخلی او ایم این اے له ئے ورکوی نو ولې؟۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: یره جی تاسو ایډمنسټریشن باندې خبره کوئ، تاسو پکښې فنډ ته لاړ شئ۔ (قطع کلامی/ تالیاں) خبره د ایډمنسټریشن ده، دا خو جلسه نه ده۔ جناب اکرم خان درانی صاحب۔

<u>جناب بہادر خان</u>: زما خبره په هغې شوې ده یا په دې شوې ده، کټ موشن ما په هغې هم پیش کړے دے او په دې هم، ما خو پروسږ کال۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: نه نه جی، تاسو کښینئ، ستاسو ټائم ختم شو جی، کښینئ جی۔ درانی صاحب، تاسو وایئی جی، د هغه خبره ختمه شوه، هغه له اوس تسبیح ورکوؤ چې جماعت کښې ئے کښینوؤ۔ درانی صاحب، د دوئ خبره ختمه شوه جی، تسبیح ورله ورکړئ او مسجد ته ئے اولیږئ جی۔

قائد حزب اختلاف: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ابھی یہاں ایڈمنسٹریشن پر کٹ موشنز ہیں، پہلے تو یہ الگ ہوتی تھی، ایک ایڈمنسٹریشن تھی، اور ایک جنرل ایڈمنسٹریشن تھی لیکن اس بار دونوں یکجا ہیں، اس لئے میں دونوں سائڈز پر بات کروں گا، جنرل ایڈمنسٹریشن کے حوالے سے بھی اور ایڈمنسٹریشن کے حوالے سے بھی اور یہ چونکہ ہمارے صوبے میں ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی جو بنیاد ہے، جہاں پر بھی کوئی مسئلہ ہو، جہاں پر کوئی تکلیف ہو، جہاں پر کوئی ضرورت ہو تو وہاں پر اس میں ایڈمنسٹریشن فوری طور پر مداخلت کرتی ہے، ایک تو ایڈمنسٹریشن ہے جس کے ساتھ ہمارے ہاؤسز ہیں، اسلام آباد ہے، نتھیا گلی ہے، باقی جگہیں ہیں، اس کے ساتھ پھر گورنمنٹ کے جتنے بھی ملازمین اور منسٹرز ہیں، ان کی گاڑیاں، ان کا تیل، ان کی مرمت، یہ ساری چیزیں اس سے وابستہ ہیں۔ ابھی یہ ہے کہ ہم نے جنرل ایڈمنسٹریشن سے ایک سوال کے ذریعے پوچھا تھا کہ آپ لوگوں نے کتنی نئی گاڑیاں خریدی ہیں؟ تو اسمبلی کو ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ نے جواب دیا کہ ہم نے 2010ء سے کوئی نئی گاڑی نہیں خریدی، اچھی بات ہے لیکن اس کی وضاحت ہم چاہتے ہیں کہ واقعی جو جواب اسمبلی کو دیا گیا ہے وہ حقیقت پر مبنی ہے؟ ہم خود بھی نئی گاڑیوں کی حق میں نہیں ہیں کہ ضرور آپ خریدیں، مشکلات ہیں، خزانے پر بوجھ ہے، مہنگائی ہے لیکن اسمبلی کو غلط بیانی کرنا بھی یہ تحریک استحقاق بنتی ہے کہ ایک اچھے فورم کو کوئی غلط بیانی کرے۔ ابھی اس پر آتے ہیں کہ آیا یہ ہاؤسز ہیں یا خیبر پختونخوا ہاؤس ہے، یہ پورے صوبے کے نام پر ہے یا کسی ایک پارٹی کی جاگیر ہے، ابھی موجودہ حالات میں میں آپ کو بتادوں کہ یہاں پر جو معزز ممبران بیٹھے ہیں، کسی کو بھی وہاں پر کمرہ نہیں مل رہا، بک ہے اور پھر میرے کچھ دوست کراچی سے اسلام آباد آئے تھے، میں نے ان کے لئے رات گزارنے کے لئے ایک کمرہ دینے کا کہہ دیا، جناب سپیکر، پھر صبح ہی اس کو کمرے سے نکالنے کے لئے لوگ پہنچ گئے، میں نے پوچھا کیوں؟ تو پھر میں نے اپنے مہمانوں کو کہا کہ میرے گھر آ جائیں، ادھر بس ان کے لئے ہم نے کمرہ دیا، جب میں نے پھر پوچھا تو وہاں پر سارے پی ٹی آئی کے لوگ جو آج کل اسلام آباد میں میٹنگز ہوتی ہیں، صبح عمران خان خیبر پختونخوا ہاؤس آجاتا ہے، اس سے پہلے یہاں ہمارے صوبے میں پناہ لی تھی، وہاں پر میٹنگز ہوتی تھیں، وہاں پر اسد عمر سویرے آجاتا تھا، ایک کمرہ اس کے پاس ہے اور جتنے بھی پی ٹی آئی گورنمنٹ کے فیڈرل منسٹرز تھے وہ وہاں پر ہیں۔ میں یہ بھی پوچھوں گا کہ اس پر صوبے کے جو وسائل استعمال ہو رہے ہیں جو فنکشنز ہیں، ان پر جو اخراجات ہیں، وہاں پر پی ٹی آئی کی بہت بڑی بڑی میٹنگز ہوتی ہیں، وہاں سے مارچ کے حوالے سے جو یہاں سے جلوس جاتے ہیں، اس کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ میں

بڑے ادب کے ساتھ پوچھنا چاہوں گا کہ اگر یہ صوبے کی ملکیت ہے اور اس کا نام پختونخوا ہاؤس ہے تو پورے صوبے کے ایک عام آدمی سے لے کر ایک ایم پی اے کا بھی اتنا حق ہے جتنا پی ٹی آئی کا یا اس کے بڑوں کا ہے۔ ہم اس کٹ موشن میں اس کا حساب چاہتے ہیں کہ وہاں پر وفاقی حکومت کے خاتمے کے بعد جتنے پروگرام بھی ہوئے ہیں، اس مہنگائی کے دور میں اس پر کتنے اخراجات ہوئے ہیں؟ اس سے پہلے بھی اس پر ہوئے ہیں اور "جیو" پر پہلے بھی اخراجات جب خیبر پختونخوا ہاؤس کے آئے تھے وہ اتنے عجیب سے تھے، اس کی لسٹ بھی میرے پاس ہے، سلیم صافی نے بھی اس پر کہا کہ میں نے تو صرف ایک چائے کی پیالی پی لی تھی لیکن میری میٹنگ کے بھی بہت زیادہ اخراجات شائع کئے تھے، یہ سینیئر صحافی سلیم صافی کی بات تھی۔ جناب سپیکر، اب گاڑیوں کی بات، وفاقی حکومت نے اپنے وزراء کی گاڑیوں کے تیل میں کٹوتی کی، پنجاب حکومت نے بھی فیصلہ کیا ہے کہ ہم سرکاری تیل نہیں ڈالیں گے کیونکہ مہنگائی ہے، کوئی وزیر سرکاری تیل نہیں ڈالے گا، یہ بھی میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہم بھی مہنگائی سے رو رہے ہیں اور ہے بھی، اس میں کوئی شک بھی نہیں ہے، آج چونکہ وزیر اعلیٰ صاحب بھی بیٹھے ہیں، کیبنٹ کی طرف سے اس کا کیا فیصلہ ہوا ہے، انہوں نے اپنے وزراء بشمول میں اپوزیشن لیڈر بھی ہوں، میں بھی اس کے ساتھ شامل ہوں کہ اس میں انہوں نے کتنی کٹوتی کی ہے کہ جس طرح پنجاب اور وفاق نے کی ہے کہ تیل میں چالیس فیصد کٹوتی کی ہے، چونکہ ابھی ضرورت ہے، قربانی دینے کا وقت ہے، اس کا بھی ضرور ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ جواب دے دے۔ صرف مہنگائی مہنگائی نہیں، مہنگائی کے لئے عملی تدابیر بھی ہم نے لینی ہیں کیونکہ غریب آدمی کی زندگی اجیرن بن گئی ہے، سفید پوش لوگ بہت مشکل میں ہیں، غریب تو چھوڑیں گورنمنٹ سرونٹس بھی بڑی مشکل میں ہیں، گاؤں کا ایک بیچارہ عام آدمی کس طریقے سے اپنی زندگی گزار رہا ہے؟ یہ تھا ہماری ایڈمنسٹریشن کے حوالے سے جناب سپیکر، دوسرا یہ تھا کہ ایڈمنسٹریشن نے ہمیں نتھیا گلی اور ڈونگا گلی کے سارے ہاؤسز دیئے تھے، ان کو ہم لوگوں کے لئے Open کرتے ہیں، وہ بھی ہمیں بتایا جائے کہ ان سے کتنی آمدن آئی ہے؟ ان کی مرمت پر کتنا خرچہ آیا ہے، اس نے اس میں کتنا ہی کمایا ہے؟ یہ فیصلہ درست تھا یا غلط تھا، ابھی جب لوگوں کو دیئے ہیں ان کی کیا پوزیشن ہے؟ کیونکہ یہ بھی ضروری ہے۔ جناب سپیکر، ابھی آتے ہیں جنرل ایڈمنسٹریشن پر، جنرل ایڈمنسٹریشن میں سب سے زیادہ ذمہ دار آدمی وہ ہمارا چیف منسٹر ہوتا ہے، پھر اس کے ساتھ کیبنٹ ہوتی ہے اور اس میں بنیادی طور پر جو صوبے کے حوالے سے بات ہے وہ یہ ہے کہ ایسے آفیسرز کی تقرری کریں کہ وزیر اعلیٰ کو چیف سیکرٹری تجویز دیں کہ وہ سینیارٹی کے لحاظ سے بھی

اور وہ جو اپنی زندگی وہاں پر گزارتے ہیں، Character کے لحاظ سے بھی ان کا ایک نمایاں نام ہو، خواہ وہ کمشنر کی تقرری ہو، خواہ وہ ڈپٹی کمشنر کی تقرری ہو، خواہ وہ ڈی آئی جی کی تقرری ہو، خواہ وہ ڈی پی او کی تقرری ہو، ہمیشہ اس طرح ہوتا بھی ہے، میں بھی چیف منسٹر رہا ہوں، اس کو ہم مختلف زاویوں پر دیکھتے تھے کہ اس کی اگلی Reputation کیا ہے، اس نے کس طرح اپنی سروس کی ہے؟ اور جب کوئی اچھا آفیسر وہاں پر جاتا تو وہاں پر چیف منسٹر کے لئے ضرورت نہیں تھی، وہ سارے معاملات سنبھالتا تھا. جہاں پر کوئی کمزور آدمی جاتا تو اس کو سنبھالنے کے لئے وہاں کا سارا بوجھ پھر چیف منسٹر پر ہوتا تھا کیونکہ وہ اس کے لئے اہل نہیں ہوتا تھا۔ ابھی موجودہ دور میں پوسٹنگ ٹرانسفر آپ کو معلوم ہے کہ کہاں سے ہوتی ہے، ابھی تو شکر ہے کہ اسلام آباد سے تو جان چھوٹ گئی اور جو بندہ ادھر سے پوسٹنگ ٹرانسفر کرتا تھا، وہ ابھی کھڈے لائن پر ہے۔

ابھی یہاں پر جو باتیں ہیں، میری باتیں ادب کے لحاظ سے تھوڑی سی سخت ہوں گی لیکن دل کی بات اگر آدمی سامنے نہ لائے تو وہ بھی ایک خیانت ہے، میں اس لئے اس ایوان کے تقدس کو، اس گورنمنٹ کے وقار کو اپنے سامنے رکھ کر وہ حقائق بتاؤں گا، صرف تنقید برائے تنقید نہیں، اصلاح کی بنیاد پر، غلطی انسان سے ہوتی ہے، ہم فرشتے نہیں ہیں لیکن اگر کوئی آدمی غلطی کرے اور اس پر پشیمان ہو جائے، یہ بھی بہت بڑی کامیابی ہے، غلطی انسان سے ہوتی ہے، اگر اس پر آپ توبہ کریں اور اللہ سے استغفار کریں تو اللہ بھی آپ کو بخشتا ہے۔ ابھی وہاں پر جو پوسٹنگ ٹرانسفر ہوتی ہے، اس میں گروپ بنے ہیں، ایک ڈی ایم جی گروپ ہے جو سی ایس ایس سے آتے ہیں، ایک پی ایم ایس کے افسران ہیں، اس موجودہ چار سال، پانچ سال سے یہ ہے کہ پانچ سال سے اس میں پرویز خٹک کی حکومت میں بہت تفریق آئی ہے، پی ٹی آئی کی پہلی حکومت میں پی ایم ایس کے سارے افسران نے کالی پٹیاں باندھ کر میری زندگی میں پہلی بار، کیونکہ ہم بھی بہت عرصے سے اس فیلڈ میں ہیں، چیف سیکرٹری کے سامنے احتجاج کیا جو کہ کبھی نہیں ہوا تھا، یہ تقسیم اس صوبے کے لئے بہت نقصان دہ ہے، سب سے پہلے ہمیں اپنا صوبہ عزیز ہے، اس کے بعد ابھی جو پوسٹنگ ٹرانسفر ہو رہی ہے، ہم سب ایک دوسرے کو جانتے ہیں کہ وہ کس بنیاد پر ہے؟ میں اس کے نقصانات آپ کو بتا دوں، میں نے ہمیشہ ایک اچھے رویئے کے ساتھ ہر موقع پر گورنمنٹ کو ایک Proposal دی ہے کہ مجھے اپنے تجربے پر اندازہ ہے کہ اس سے نقصان ہوگا، آپ اس پر نظر ثانی کریں، ان کی حکومت ہے، کریں یا نہ کریں، اس پر میرا کوئی اختیار نہیں لیکن یہ میرا ایک اپوزیشن لیڈر کی حیثیت سے فرض بنتا ہے کہ میں وہ کچھ جو میں دیکھ رہا ہوں کہ نقصان دہ ہے وہ یہاں پر اس ایوان میں پیش کروں، کیونکہ نقصان ان کا نہیں ہے، نقصان ادھر کا

بھی ہے، ادھر کا بھی ہے، ہمارے صوبے کے غریب عوام کا ہے، اس کا ہم سب پر لازم ہے کہ ہم اس کا خیال رکھیں۔ میں نے مختلف اوقات میں نشاندہی کی تھی، میں چند نمایاں نقصان والی باتیں آپ کو بتاؤں گا کہ خدارا اس وقت آپ یہ نہ کریں، میں نے یہاں پر بات کی کہ ہماری جانی خیل قوم احتجاج پر ہے، وہاں پر کافی دنوں سے مختلف لوگ مارے گئے، میں نے صرف گورنمنٹ کو یہی بات کی کہ خدارا پہلے آپ ادھر جائیں، اب آپ ان کو سنبھال سکتے ہیں، چونکہ وہاں پر نہ آپ کا ڈپٹی کمشنر جارہا ہے، نہ آپ کا کمشنر جارہا ہے، اگر آپ لوگ وہاں پر جاتے ہیں تو یہ مسئلہ آپ کنٹرول کر سکتے ہیں، خون خرابہ نہیں ہوگا۔ جناب سپیکر، مجھے یہاں پر ایک منسٹر ہے، میں نام نہیں لوں گا، اس نے جواب دیا کہ یہ آدمی ذاتی دشمنی میں قتل ہوا ہے جو کہ آپ کے اسمبلی فلور کے ریکارڈ پر ہے، میرے پاس بھی ہے لیکن جب وہ معاملہ بگڑ گیا، لوگوں نے جنازے اٹھا کر پھر وہ جنازے شہر میں لے گئے، یہ پاکستان کی تاریخ میں بد نما دن وہ وقت اور تاریخ تھی، میں اس لئے ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ اس کا بیٹا، اس کا بھتیجا، اس کی قوم کے لوگ جنازے میں ہیں، ان کے سروں پر فائرنگ ہوئی، اس وجہ سے وہاں پر بدترین حالات بنے، یہ ایڈمنسٹریشن کی بات ہے، آپ مجھے نہ سمجھائیں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> نہیں نہیں، اس پر بحث ہو گئی ہے، اب اس کٹ موشن پر بات کرنی ہے، آپ Short cut کر لیں۔

<u>قائد حزب اختلاف:</u> اگر آپ لوگوں میں میری بات سننے کی بھی جرات نہیں ہے تو کوئی بات نہیں ہے، ہم نہیں کریں گے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> آپ پہلے بھی یہی باتیں کر چکے ہیں، یہ بار بار Repetition ہو رہی ہے، یہ نہیں ہونی چاہیئے۔

<u>قائد حزب اختلاف:</u> میں صرف آپ کو ابھی بھی کچھ باتیں اصلاح کے طور پر بتا دیتا ہوں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> درانی صاحب، آپ سینیئر پالیٹیشن ہیں، آپ ہم سے زیادہ جانتے ہیں۔

<u>قائد حزب اختلاف:</u> میں ایڈمنسٹریشن کی بات کرتا ہوں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> دیکھیں، ہر چیز کا ایک طریقہ کار ہوتا ہے، آپ نے اس پر تقریباً بیس منٹ سے زیادہ بات کی ہے، باقی ممبران بھی بات کریں گے، ہر چیز کا ایک طریقہ ہوتا ہے، آپ نے بیس منٹ سے زیادہ ٹائم لیا ہے۔

قائد حزب اختلاف: اپوزیشن لیڈر کا ٹائم نہیں ہوتا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ باتیں تو جنرل ڈسکشن میں ہو گئی ہیں، اپوزیشن لیڈر کا ٹائم نہیں ہوتا لیکن وہ باتیں جنرل ڈسکشن میں ہو گئی ہیں، اس پر آپ نے جنرل ڈسکشن میں ٹائم لیا تھا۔

قائد حزب اختلاف: مجھے اندازہ یہ ہے کہ آپ مجھے سنتے ہی نہیں، آپ ذرا تسلی سے مجھے ٹائم دے دیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں نہیں، تسلی سے سنیں گے۔

قائد حزب اختلاف: آپ میرے برخوردار ہیں، آپ میری بات تسلی سے سنیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہم سن رہے ہیں۔

قائد حزب اختلاف: میں کوشش کرتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہم نے سنی تھی۔

قائد حزب اختلاف: میں کوشش کرتا ہوں، ابھی میں زیادہ وقت نہیں لوں گا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہم نے سن لی ہے، ہم نے سنی تھی لیکن میں۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: ابھی زیادہ وقت نہیں لوں گا، آپ پریشان نہ ہوں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ دو منٹ میں Windup کریں، آپ دو منٹ میں Windup کریں۔

قائد حزب اختلاف: یہ میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ اور بھی غلطیاں ہوئی ہیں، وہاں پر جنازے اٹھا کر اس کے بیٹے اور بھتیجے کو شہید کیا گیا اور پھر گورنمنٹ مجبور ہو کر اور وہاں پر جا کر ان کو پیکیج دیا گیا۔ جناب سپیکر، یہ نقصان بھی نہ ہوتا، یہ پیکیج بھی نہ ہوتا اور پھر گورنمنٹ وہاں پر جا کر اس کے ساتھ منت سماجت کر کے بات طے ہوئی۔ ایک اور واقعہ میں بتاتا ہوں، یہاں پر میں نے بات کی ہے، آنریبل وزیر خزانہ بھی موجود ہیں، وہ وزیر صحت بھی ہیں، انہوں نے خلیفہ گل نواز ہسپتال بنوں میں بورڈ آف گورنرز میں ایک آسیہ بی بی ہماری بنوں کی بیٹی ہے، اس کو لگایا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سر، یہ تو ایڈمنسٹریشن کے ساتھ نہیں ہے، یہ تو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کا مسئلہ ہے۔

قائد حزب اختلاف: یہ ہیلتھ میں ایڈمنسٹریشن کی بات ہے، یہ ایڈمنسٹریشن کی بات ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، یہ ایڈمنسٹریشن کی بات نہیں ہے، ہسپتال ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کا ایشو ہے۔

قائد حزب اختلاف: یہ میں آپ کو بتا دوں کہ جو بھی نقصانات ہوئے ہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جو آپ کے۔

قائد حزب اختلاف: وہ غلط اپوائنٹمنٹ ہے، اس کی وجہ سے نقصانات بھی ہوئے ہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، دیکھیں جی۔

قائد حزب اختلاف: اگر آپ کو تکلیف ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تکلیف نہیں ہے۔

قائد حزب اختلاف: تو پھر ہم اپوزیشن والے آپ کو دکھائیں گے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، درانی صاحب، میں نے آپ کو پہلے بھی کہہ دیا ہے کہ آپ سینیئر پالیٹیشن ہیں، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ الگ ہے اور ایڈمنسٹریشن الگ ہے۔

قائد حزب اختلاف: میں آپ کو بتادوں کہ آپ حوصلہ رکھیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایڈمنسٹریشن الگ ہے اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ الگ ہے۔

قائد حزب اختلاف: ڈپٹی سپیکر صاحب، آپ حوصلہ رکھیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دیکھیں جی، اتنا میں بھی جانتا ہوں کہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ الگ ہے، آپ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ پر بات کر سکتے ہیں لیکن یہاں اس پر آپ بات نہیں کر سکتے ہیں۔

قائد حزب اختلاف: اور کرپشن کی داستانیں سرے عام ہیں، کاش اگر اس وقت وزیر صحت میری بات مانتے تو یہ تباہی آج نہ ہوتی۔ ابھی ایک اور واقعہ میں بیان کرتا ہوں، پشاور میں ایک وکیل کو بڑی بے دردی کے ساتھ زود و کوب کیا، اگر ایڈمنسٹریشن اس وقت صحیح فیصلہ کرتی تو میرے وکیل وہاں پر تین چار دن روڈ پر نہ ہوتے، جب آخر میں فیصلہ کیا تو وہی بات وکیلوں کی مانی گئی لیکن نقصان ہوا۔ جناب سپیکر، ایک اور بات میں بتانا چاہتا ہوں کہ میں نے یہاں پر بجٹ سپیچ میں بات کی، جھگڑا صاحب توجہ نہیں دے رہے ہیں، خیر ہے چیف منسٹر صاحب بیٹھے ہیں، وہ توجہ دیں گے کہ آپ لوگ اساتذہ کی جو تقرری کر رہے ہیں یکم جولائی سے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: درانی صاحب، گورہ جی تاسو اوس ایجوکیشن طرف تہ راغلئ۔

قائد حزب اختلاف: یہ ایڈمنسٹریشن کی بات ہے، میں ایڈمنسٹریشن کی کٹ موشن پر بھی کر سکتا ہوں، میں صرف ایڈمنسٹریشن کی Failure کی بات کر رہا ہوں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ جی، تاسو د Rules book کښې لږ (e)144 اوګورئ۔

قائد حزب اختلاف: اب وہی بات جو میں نے ایڈ منسٹریشن کے بارے میں کی تھی، ابھی میں اس پر آتا ہوں کہ ابھی ہم سارے جائیں گے اور پھر دستخط کریں گے تو بات ہو گی۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: درانی صاحب، تاسو د Rules book کښې لږ 144(e) او گورئ۔

قائد حزب اختلاف: ٹھیک ہے، میں ایک اور آخری بات کر رہا ہوں کہ محکمہ ایڈ منسٹریشن کی صوبے میں نقصانات روکنے کے حوالے سے یہ ذمہ داری ہے کہ ہمارا پورا صوبہ جل گیا، درخت جل گئے، میرے منسٹر صاحب بیٹھے ہیں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یره جی، دغه کار خو د فارسټ ډیپارټمنټ شو، تاسو Improvement کوئ، ماته داسې لګی چې تاسو ټولې خبرې په یو ځائې کول غواړئ۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: میں ایک اور بات بتاؤں گا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: درانی صاحب، ماته ته داسې لګی چې تاسو ټولې خبرې په یو ځائې کوئ۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: ایڈ منسٹریشن کی Failure پر میں کٹ موشن پر بات کروں گا، کچھ باتیں اس طرح ہیں کہ آپ کو تکلیف ہو رہی ہے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مجھے تکلیف نہیں ہے، میں Rules کی بات کر رہا ہوں، درانی صاحب، میں نے آپ کو بتادیا ہے کہ آپ Rule 144(e) پڑھیں، ہاں یہ بات بھی صحیح ہے کہ انہوں نے تقریباً تمام چیزوں پر باتیں کر لی ہیں۔ عاطف خان صاحب، میں آپ کو جواب دینے کے لئے آخر میں فلور دوں گا، ابھی باقی کٹ موشنز میں لے لوں تو پھر آپ Reply کریں گے۔ اب جناب صلاح الدین صاحب۔

Mr. Salah ud Din: Thank you, Mr. Speaker. Often, when we need or when we ask for a room or accommodation in KP House, unfortunately, that is regretted and if the Secretary is around or anybody from that department is around, I am not going to blame them either, because the number of MPAs, since because of the merger of Ex FATA into KP, has increased and so the number is the same as the case with the bureaucracy as well, so they are struggling, we do understand that, but what I am wondering that since Ex-FATA has become part of Pakhtunkhwa, then how come that FATA House in Islamabad, why has that not become the part

of Pakhtunkhwa, or is that not the property of Pakhtunkhwa, may I ask? I am moving further, let me ask the concerned Minister, who owns that House at the moment? So, if the Province owns this, then we should, we should have access to that, to cater for the high number of MPAs or bureaucracy. Besides this, I have been informed that some employees in the KP House that do not belong to KP, instead of KP they belong to some other provinces, and I would like to have a response on this as well. First one, who owns KP FATA House? Who is controlling that and why we don't have access, why the government is reluctant to take its property or take the ownership of their property? Thank you, Mr. Speaker.

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ مسٹر سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه جناب سپیکر، سی ایم هم ناست دے او په کټ موشنز باندې د خبرو کولو غرض هم دا وی چې د بجټ Passage stage دے، ما مخکښې هم ریکویسټ کړےوو، بیا جنرل ایډمنسټریشن او دا ټول ډیر اهم Topics دی، تاسو بیا بیا اپوزیشن لیډر صاحب ته وئیل چې په جنرل ایډمنسټریشن باندې خبره اوکړئ، دا نظم ونسق دے، ګورننس دے، اسټیبلشمنټ ډیپارټمنټ دے، ایډمنسټریشن دے، پوسټنګز ټرانسفرز دی او Rules of Business جوړول دی، د ګورننس په حیثیت باندې فیډریشن سره د خپلې صوبې وکالت کول دی، بحث ظاهره خبره ده بیا مونږ په ایډمنسټریشن خبره کوؤ، په جنرل ایډمنسټریشن خبره کوؤ جناب سپیکر، سی ایم صاحب هم ناست دے او زما خیال دا دےچې د کوم حکومت ګورننس مؤثره وی او هغه Disciplined وی، ظاهره خبره ده چې هغه ګورنمنټ به د Masses د پاره یا د اولس د پاره مقبول حکومت وی۔ تاسو سوچ اوکړئ چې Constitutionally Chief Executive چې دے دا د صوبې هیډ وی، لیډر وی او ایډمنسټریشن چې دے دا Subordinate وی، نو آیا زه نن دا تپوس کولے شم چې د صوبې چیف ایګزیکټیو محترم دلته راغلے دے نو مونږ ورته پخیر راغلې هم وایو او کوشش به هم کوؤ چې د هغوی د موجودګئ نه فائده هم واخلو او د هغوی احترام هم اوساتو، خبره هم Concrete and precise اوکړو خو زه نن دلته نه چیف سیکرټری وینم، نه دلته اے سی ایس وینم او په ټول بجټ کښې (تالیاں)

زمونږ سرکاري دفتر کښې د بابائے قوم تصویر لګیدلے دے او هغه حکم کړے دے چې دا څومره نوکر شاهي خلق دي، دا به د ریاست ملازمین وي او دا به د ریاست پاکستان ملازمین وي۔ جناب سپیکر، د دې نه مونږه دا اندازه کولے شو چې زمونږ ایډمنسټریشن چې دے هغه د یو حکومت څومره ځان تابع ګڼړي، زما خیال دا دے چې نن دا میډیا هم موجود ده او مونږ ټول هم په هاؤس کښې موجود یو، په دې ټول بجټ چې ټولو ممبرانو ډسکشن اوکړو، ما نه دلته اے سي ایس لیدلے دے او نه دلته چیف سیکرټري مو لیدلے دے، آیا په داسې وخت کښې چې په ټوله صوبه کښې زما ځنګلات اوسوزیدل، آیا دا زما ګورننس دے، تماشه کول زما ګورننس دے؟ مونږ دا منو چې قدرتي آفات چې دي دا خو داسې وي چې حکومتونه نه شي کنټرول کولے، په ایمرجنسي کښې هغه شان انتظام اوکړي، تماشه کول خو هم ډیر لوئې جرم دے او دا د Bad governance یوه نشاني ده۔ جناب سپیکر، زه به خبرې نه Repeat کوم، تاسو اوګورئ چې د دې ایډمنسټریشن ډیپارټمنټ سیکرټري او د اسټیبلشمنټ په دې درې نیمو کالو کښې څو پیرې ټرانسفر شو؟ په پوسټنګز ټرانسفرز کښې Duration ته نه شي کتلے، Tenure ته نه شي کتلے، څه بل څه پروسیجر نه وي، جناب سپیکر، د Good governance د پاره Tenure ډیر زیات ضروري دے او پکار دا ده چې زمونږه حکومت په هغې باندې عمل درآمد اوکړي۔ د خیبر پختونخوا هاؤس خبره دراني صاحب هم اوکړه، د 2013ء نه تر اوسه پورې تاسو سوچ اوکړئ چې زمونږ د خیبر پختونخوا هاؤس اسلام آباد چې دے د هغه مخامخ میریټ هوټل دے، هغه په څومره ایریا باندې پروت دے؟ مخامخ ورته مونږه یو او مونږه په څومره ایریا باندې پراته یو؟ جناب سپیکر صاحب، تاسو یقین اوکړئ چې په دې نهه کالو کښې کله هم، زه خو چرته تلے هم نه یم، چرته میلمانه یا دوستان ریکویسټ اوکړي، ما خو چې کله هم ټیلي فون کړے دے، دا ټول ممبران به د دې خبرې ګواهي کوي چې هیڅا ته کمره نه ده ملاؤ، مونږه د سي ایم صاحب په نوټس کښې هم راولو، رپورټ زمونږه دا دے چې کومه دهرنا هلته کیږي یا د هغې چې کوم دا Use کیږي، جناب وزیر اعلیٰ صاحب به دا نه Mind کوي، دا هلته ټول بیخي په پولیټیکل سسټم باندې کیږي، مونږ نه پوهیږو چې دا کوم خلق

هلته پراته دی؟ بیا مونږ ته وائی چې دا بلاک هم بک دے، دا روم هم بک دے، بیا ریکارډ هم نه ورکوی۔ جناب سپیکر، پکار دا ده چې هغه زمونږ د آمدن یو لویه ذریعه هم ده، هغه زمونږ د صوبې یو ډیر لوئې سهولت دے، ضرورت دے خو دغه ځائې زمونږ د آمدن ډیره لویه ذریعه هم ده، پکار دا ده چې هغې ته توجه ملاؤ شی۔ تاسو سوچ اوکړئ چې مونږ په دې اسمبلۍ کښې قوانین جوړ کړو، په کالونو کالونو د هغې بیا Rules نه جوړیږی، زه به د یو لاء مثال تاسوله درکړم، چې د سینیئر سیټیزن چې کوم ایکټ جوړ شوے دے، د پرویز خټک صاحب حکومت دوران کښې جوړ شوے دے خو تر اوسه پورې د هغې Rules نه دی جوړ شوی، دا ذمه داری د چا ده؟ دا د ایډمنسټریشن نه ده؟ دا د اسټیبلشمنټ نه ده؟ دا د لاء نه ده؟ جناب سپیکر، پکار دا ده چې مونږ دا ځیزونه Expedite کړو، قوانین جوړ شی، په کالونو کالونو د هغې Rules نه جوړیږی، زه تاسو له یو بل مثال درکوم، په 2010ء کښې Eighteenth amendment راغلے دے، زه به نن د ایجوکیشن ډیپارټمنټ نه تپوس اوکړم چې په مرکز کښې منسټر وی، سیکرټری هم هلته روان وی، زما چیف سیکرټری هم هلته روان وی، د آئین Violation کوی، د پاکستان په آئین کښې ایجوکیشن ډیپارټمنټ چې دے دا Devolve شوے دے ، انفارمیشن ډیپارټمنټ ته تاسو اوګورئ، دلته د میډیا ملګری ناست دی، د اخباراتو Declaration، د اخباراتو آډټ، د اخباراتو سرکولیشن،د اخباراتو نور لوازمات، دا د صوبې اختیار دے، زمونږ سیکرټریز، زمونږ ایډمنسټریشن د آئین Violation کوی، دا نه ده پکار۔ څنګه چې د بابائے قوم تصویر ئے هلته لګولے وی، بیا د ریاست آئین، د پاکستان آئین چې دے هغه به لاګو کوی، قانون به هم لاګو کوی۔ تاسو اوګورئ، دلته د دې بجټ سیشن نه مخکښې یو ایکټ، یو لاء راغلله، د هیلی کاپټر استعمال چې دے چیف ایګزیکټیو ته Allowed دے او د سټیټ چې کوم علامت وی، ګورنر صاحب ته Allowed وی، هغې کښې دوئ لږه Window کهلاؤ کړه چې وزیران صاحبان به هم دا استعمالوی او سرکاری افسران به هم دا استعمالوی، جناب سپیکر، مونږ ته د دې صوبې وسائل هم معلوم دی، مونږ ته د دې صوبې جغرافیه هم معلومه ده، خیر دے وزیر اعلیٰ صاحب هم ناست دے، مونږ محترمې خبرې

کوؤ، تاسو به هم لږ خیال ساتئ، دا جغرافیه مونږ ته معلومه ده، په دې صوبه کښې د ټولو نه لرې ضلع چې ده هغه ضلع چترال ده خو چې حکومت سره کوم ګاډی دی، په ساړهې پانچ ګهنټو کښې حکومت هلته رسیدلے شی۔ جناب سپیکر، سوال دلته دا دے چې دلته زمونږه1332 Throw forward ته رسیدلے دے، دا څنګه نظم و ضبط دے یا نظم و نسق دے چې مونږه یو طرف ته د کفایت شعارئ خبره کوؤ نو دا نه ده پکار، دا Window کهلاویږی، هر افسر به هغه جهاز استعمالوی، هغه استعمال به صوبې ته ډیر ګران پریوځی، پکار دا ده چې په دې څیزونو باندې هم ایډمنسټریشن ضرور خیال اوساتی۔ تاسو اوګورئ، دلته د سټینډنګ کمیټئ میټنګز وی، تاسو یقین اوکړئ سی ایم صاحب چې د هغه سټینډنګ کمیټیو اجلاسونو ته یا خو د سیکشن افسران راځی یا که د ډیپارټمنټ نه یو ذمه وار سړے راشی نو هغه به دومره یو غیر ذمه دار سټیټمنټ جاری کوی، کله به وائی چې زه خو پرون راغلے یم، کله به وائی زما خو میاشت اوشوه، زما غرض دا دے چې Constitutionally Chief Executive ته دا ټوله صوبه پابنده ده، دا ټول ستاسو Subordinates دی، پکار دا ده چې دلته ډسپلن قائم شی۔ زه تاسو له مثال درکوم، ستاسو په نوټس کښې هم او د وزیر اعلیٰ صاحب نوټس کښې هم راولم، په ناران کاغان کښې دا د شهد د مچو کاروبار چې دے د دې سره پینځلس لکهه خلق وابسته دی او دا ټول پښتانه دی۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: اوس د دې د ایډمنسټریشن سره څه تعلق دے ؟

<u>جناب سردار حسین</u>: زما وروره، یوه هفته اوشوه چې هغه کاروبارونه د کاغان ناران اتهارټی سمندر ته ارتاؤ کړل، دا چا ارتاؤ کړل؟ دا اتهارټیز نه دی؟ دا ایډمنسټریشن نه دے؟ زه د ایډمنسټریشن نه بهر خبره نه کوم، پکار دا ده چې مونږ په هغې باندې ایکشن واخلو او دا کیس سی ایم صاحب له راغلے دے، زما امید دے، ان شاءالله دوئ به پرې هم ایکشن اخلی، کومو افسرانو دا کار کړے دے، پینځلس لکهه خلق زمونږ دې مګس بانئ سره وابسته دی، که هغوی هغه د پیټو، د مچو والا چې کومو ته دوئ پیټئ وائی یا څه ورته وائی، هغه ئے ګاډو کښې واچولې، نیم ئے سمندر ته ارتاؤ کړل او نیم ئے ورله مزدورانو، نوکرانو ته ئے اوئیل، هغه ئے ورله د هغه ځائې نه ورخلاص کړل، پرون راهسې دغه

غریبانان د دې اسمبلۍ نه چاپیره ګرځی راګرځی او دا شکر دے چې سی ایم صاحب ته هم Approach شوے دے، زما دا امید دے چې دغه د کاغان ناران اتهارټیز چې کوم افسران دی، دا کوم عمل ئے چې کړے دے، د هغوی خلاف سخت نه سخت ایکشن واغستلے شی۔ تاسو اوګورئ دا به څنګه ډسپلن وی، دا به څنګه نظم و نسق وی؟ مونږ ته ټول ډیپارټمنټس معلوم دی، مونږ ولې ایډهاک بهرتی کوؤ، مونږ ولې کنټرکټ بهرتی کوؤ؟ ډیپارټمنټ ته خپل ضرورت معلوم وی، ډیپارټمنټ دې د خپل ضرورت مطابق د سول سرونټ ایکټ د لاندې ملازمتونه ورکوی۔ بیا څلور کاله تاسو اوګورئ چې اسلام آباد ته بنی ګاله ته استاذان تلی وو، درې ورځې هلته ناست وو، احتجاجونه ئے کول، هغه د دې صوبې ایمپلائز دی او جنګ په څه وو؟ جنګ په دې وو چې د کوم تاریخ نه مونږ اپوائنټ شوی یو، د هغه ورځ نه مونږه ریګولرائز کړئ، حکومت خبره منله یا نه منله خو خبره احتجاج ته لاړه، دا د ګورننس د کمزورئ په وجه، مونږ هرګز دا نه وایو، مونږ تنقید کول نه غواړو، دا زمونږ په شریکه صوبه ده، مونږ به ئے په شریکه سموؤ، که Governance matters دی، که Financial matters دی، که Political matters دی۔ جناب سپیکر، تاسو اوګورئ، زه په یو افسر باندې تنقید کول نه غواړم، زما بذات خود به دا ریکارډ وی چې په دې اسمبلئ کښې دا دریم سیشن دے، ما به لا تحریک استحقاق نه وی راوړلے خو تاسو دې نظم و نسق ته اوګورئ، نن زمونږه اے سی ایس دلته نه دے ناست، زه هغه ته هم خواست کوم، کمشنرانو صاحبانو ته هم خواست کوم، ټول ایډمنسټریشن ته هم خواست کوم چې د دې هاؤس هر ممبر خپل یو پریویلج لری، د لکهونو کروړونو انسانانو، شهریانو نمائنده خلق دی، زه د سی ایم صاحب توجه غواړم۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: هغه اوری جی، تاسو خپله خبره کوئ۔

<u>جناب سردار حسین</u>: سی ایم صاحب، کومه رویه چې افسران د منتخب ایم پی ایز سره کوی، د دې خبرې ملګرتیا به زما د حکومت ممبران هم اوکړی، دا مناسب نه ده۔ جناب سپیکر، آخری پوائنټ سی ایم صاحب، زه پخپله هم منسټر پاتې شوے یم، مونږ په حکومت کښې هم پاتې شوی یو، مونږ په دې خبره پوهیږو چې د اسلام آباد نه مونږ ته څومره مشکلات دی، زما د صوبې ایډمنسټریشن په دې

خبره هم پوهه دے ، په دې خبره دې ځان هم پوهه کړی چې د پنجاب صوبې یو سیکشن افسر په ECNEC کښې په اسلام آباد کښې چې د پنجاب یا د خپلې صوبې څومره وکالت کوی هغه وکالت زما د صوبې چیف سیکرټری هم نه کوی، آیا بحیثیت د ریاست د ملازم، دا د هر کس ذمه داری نه ده؟ لهذا زمونږ د ټولو گزارش هم دے چې دا گورننس چې دے دا به زمونږه۔۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: دا خو ما اول اووئیل چې۔۔۔۔۔

<u>جناب سردار حسین</u>: آگے بھی پڑھو بھائی، آگے بھی پڑھو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تاسو ته ما دا Article 144 وئیلے وو۔

<u>جناب سردار حسین</u>: Article 144 کو آگے بھی پڑھو، یہ بہت لمبا چوڑا ہے، اس میں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: زه به یو کار اوکړم جی، د اپوزیشن ټول ممبران ناست دی۔

<u>جناب سردار حسین</u>: اس میں جناب سپیکر۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: یو منټ جی، ټول ممبران به پرې لس لس منټه خبرې اوکړی، ډائریکټ به پرې کټ موشن پاس کړو نو ښه خبره به وی، ځکه چې تاسو پرې په جمع ډائریکټ خبرې کوئ نو داسې به اوکړو۔

<u>جناب سردار حسین</u>: گوره، دا خو بجټ دے ، که دا بجټ دلته په مشاورت جوړ شوے وے ، په مشاورت به پاس شوے وو، که په Civilized society کښې د کومې اسمبلئ نه چې مونږ بجټ پاس کوؤ نو آیا هغه بجټ د اسمبلئ مخکښې راوړل پکار وو که نه وو پکار؟ خیر بیا هم زه خبره شارټ کوم، زما به خواست وی خپل نوکر شاهی ته، خپل بیوروکریسی ته، د ریاست ملازمینو ته چې مهربانی اوکړئ یو خو اسمبلئ ته غلط جوابونه مه رالیږئ، یو اسمبلئ کښې حاضری کوئ، یو څنگه چې قائد اعظم بابائے قوم درته وئیلی دی چې د دې قوم خدمتگار شئ، هغسې خدمتگار شئ څنگه چې بابائے قوم وئیلی دی، یعنی د گورنمنټ به تاسو Subordinate یئی، هم هغه شان Subordinate شئ۔ په اخره کښې به ورته خواست کوم چې د مظلوم پختونخوا په اسلام آباد کښې وکیلان جوړ شئ۔ مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تهینک یو۔ زه تمام ممبرانو ته ریکویسټ کوم چې په بجټ باندې خپلې خبرې شارټ اوکړئ، To the point خبره کوئ ځکه چې بحث Already شوے دے ، نن صرف په کټ موشنز خبرې دی، بیا پرې ووټنګ دے نو خپلې خبرې شارټ کوئ، که تاسو شارټ خبرې نه کوئ نو زه به ئے ډائریکټ هاؤس ته Put کوم، بس بیا به ئے پاس کوم، که تاسو ئے نه شارټ کوئ۔ جی ثمر بلور صاحبه۔

Ms. Samar Haroon Bilour: Thank you Mr. Speaker, for letting me explain my cut motion and for presenting myself to the Finance Minister, who accused me being in Islamabad, I am very much here. I proposed a cut on the administrative budget of the province, because I think there is a lot of red tapism and misuse of funds.

I think ہم لوگوں کو بتایا گیا تھا کہ یہ Paperless Assembly ہو گی لیکن ہماری اسمبلی میں especially paper کا بہت زیادہ ضیاع ہوتا ہے، آج کل جو Climate Change ہے، جس طریقے سے Deforestation ہو رہی ہے اور Green cover ہم Lose کر رہے ہیں، جب ہمارے پاس یہ بجٹ سارا USB میں موجود ہے، ہمارے پاس اس کمپیوٹر میں موجود ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میډم، تاسو په ایډمنسټریشن باندې خبرې اوکړئ۔

محترمہ ثمر ہارون بلور: یہ ایڈمنسٹریشن ہی ہے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه جی، دا ایډمنسټریشن نه دے۔

محترمہ ثمر ہارون بلور: یہ ایڈمنسٹریشن ہی ہے، یہ آپ کا ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ ہی ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه جی، تاسو دلته د اسمبلۍ خبرې کوئ، دا نه دی پکار، دا د ګورنمنټ، د ایډمنسټریشن ډیپارټمنټ والا دے۔

محترمہ ثمر ہارون بلور: نه نه جی، تاسو اوګورئ چې دا شے د چرته نه جوړیږی، تاسو مونږ باندې په هر څیز اعتراض کوئ، مونږ ته سم اوو ایئی، بس مونږ به پرې خبرې نه کوؤ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه جی، میډم، تاسو ایډمنسټریشن ډیپارټمنټ باندې خبرې کولې شئ، دا تاسو چې کومې د اسمبلۍ خبرې کوئ، دا د دې سره Related نه دی۔

محترمہ ثمر ہارون بلور: I just wanted to make this point، چې تاسو مونږ خبرو ته نه پرېږدئ نو تاسو په خپل طرز باندې اسمبلی اوچلوئ۔
جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب نثار احمد۔
جناب نثار احمد: شکریه جناب سپیکر صاحب، زما په دې جنرل ایډمنسټریشن باندې یو څو تپوسونه دی، سی ایم صاحب ناست دے، یو خو د خیبرپختونخوا هاؤس په حواله باندې ډیر زیات تفصیل سره خبره هم اوشوه، زه به هم په هغې خبره کول غواړم، د چھ نمبر نه تر پندره پورې په Old block کښې ماته دې اوس څوک هم په تفصیل سره اووائی چې څومره ایم پی ایز په هغې کښې پاتې شوی دی؟ ایم پی ایز هلته لاړ شی نو هلته ورته وائی چې دا بک شوی دی، دا تاسو ته نه ملاویږی۔ که مونږ ترې نه خپل ریکارډ غوښتلے دے مونږ ته ئے ریکارډ هم نه دے راکړے، آیا دلته څوک پاتې کیږی؟ د اے سی ایس په حواله به زه د خپل ایډمنسټریشن ته دا خبره اوکړم چې زه لس وارې د اے سی ایس آفس ته ورغلے یم، هغه مونږ سره هلته نه دے ملاؤ شوے، بابک صاحب ګیله اوکړه چې هغه اسمبلئ ته نه راځی، د هغه آفس ته چې ورشې نوهغه خلقو سره نه ملاویږی، زه وزیر اعلیٰ صاحب ته خواست کوم چې وزیر اعلیٰ صاحب له خپل ایډمنسټریشن مضبوطول پکار دی، دلته دا کوم ایم پی ایز چې د دې صوبې اسمبلئ ته راغلی دی، دا د عوامو نمائندګان دی، باید چې دوئ له احترام ورکړی، مونږ چې کله هم ورشو نو سیکرټری هم نه ملاویږی او دغسې زمونږ اے سی ایس هم نه ملاویږی، په سیکرټریټ کښې چې څومره دفترې دی هلته مونږ سره ښه سلوک نه کیږی، لهذا تاسو دوئ ته دا هدایات ورکړئ چې دوئ د ایم پی ایز خیال اوساتی او دې ایم پی ایز سره ښه رابطه اوساتی، ځکه چې مونږ هلته ذاتی مسئلې نه راؤړو، مونږ عوامی مسئلې راؤړو، هغوی عوامی مسئلو اوریدلو ته تیار نه دی، لهذا دا دومره لوئې بجټ چې مونږ هغوی له ورکوؤ نو دا ضیاع ده، دا په دې غریب عوامو باندې بوجھ دے۔ ډیره مننه۔
جناب ڈپٹی سپیکر: جناب فیصل زیب صاحب۔

جناب فیصل زیب: شکریه جناب سپیکر، په پختونخوا هاؤس باندې خو تقریباً ډیرې خبرې اوشوې او هر ممبر خپلې خبرې اوکړې، دا د ټولو یو مشترکه مسئله ده، سی ایم صاحب هم ناست دے، منسټر صاحب ئے نوټ کوی لګیا دے، پکار ده چې دا مسئله خو فوری طور باندې د ایم پی ایز د پاره حل کړے شی۔ زه Repetition نه کوم خو د پختونخوا هاؤس کښې چې کوم د نوې کسانو بهرتیانې شوې دی، صرف دا یو وضاحت غواړم چې آیا په دیکښې Minorities ته څه حصه ملاؤ شوې ده او که نه ده ملاؤ شوې؟ بس نور Repetition نه کول غواړم، دا خبره Already پیش شوې ده۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Atif Khan Sahib, reply.

جناب محمد عاطف (وزیر خوراک): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ پہلے تو میری یہ ریکویسٹ ہوگی کہ میرے خیال میں یہ ساؤنڈ سسٹم بہت پرانا ہوگیا ہے، اگر یہ Change کر لیں، کیونکہ اس میں آواز کافی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہم سی ایم صاحب سے ریکویسٹ کریں گے کہ اس کے لئے ہمیں سپیشل فنڈ دے دیا جائے کہ ہم اس کو Change کریں۔

وزیر خوراک: ٹھیک ہے۔ دوسری بات، آج مجھے بہت خوشی ہوئی کہ تقریر میں بابک صاحب نے چار دفعہ "بابائے قوم" کو مخاطب کر کے کہا، یہ اچھا ہوا ہے کہ تبدیلی آ گئی ہے۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: انہوں نے مان لیا ہے۔

وزیر خوراک: بابک صاحب نے قائداعظم کو مان لیا ہے، یہ بہت اچھی بات ہے، خوشی کی بات ہے۔ پھر انہوں نے Rules of Business کی بھی کچھ باتیں کیں، بالکل ٹھیک ہے، Rules of Business کے حوالے سے یہ بعض اوقات پرابلمز ہوتے ہیں، بلکہ ہماری پچھلی کیبنٹ میٹنگ میں چیف منسٹر صاحب نے چیف سیکرٹری کو انسٹرکشنز دی تھیں کہ جتنی بھی Legislation ہوئی ہے، اس کے Rules of business کو ایک مہینے کے اندر اندر فوراً بنائیں، اس میں تقریباً زیادہ تر ہو بھی گئے ہیں، اگر کوئی رکا دکا رہ گیا ہو، کوئی پرابلم تھا، وہ Identify بھی ہو گیا ہے، ان شاء اللہ وہ بھی حل ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ انہوں نے ایک اور چیز جو ایم پی ایز کو زیادہ تر جو مشکلات ہیں، بالکل ٹھیک بات ہے، خیبر پختونخوا ہاؤس میں

Booking کے حوالے سے ان کا پہلا حق بنتا ہے، چاہے کسی بھی پولیٹیکل پارٹی کے ہوں، اس کے لئے بھی اگر کوئی طریقہ ہو سکتا ہے کہ ان کو Accommodation وہاں پر مل سکتی ہے، میرے خیال میں پہلا حق ایم پی اے کا ہے، چاہے وہ جس پولیٹیکل پارٹی کا ہو، اس کو Priority ملنی چاہیئے۔ جناب سپیکر، کچھ چیزیں میں ریکارڈ کو Straight کرنے کے لئے کہوں گا کہ جتنے بھی میرے ذاتی دوست ہیں یا جاننے والے ہیں، مہمان ہیں، جس طرح آپ لوگوں کا حق ہے اسی طرح ہمارا بھی حق ہے، میرے پچھلے دنوں کوئی Guests آئے تھے، میں نے Personally ان کو اپنی جیب سے 95 ہزار روپے دیئے، اب یہ بات میں نے صرف اس وجہ سے کی، کیونکہ درانی صاحب نے ذکر کیا کہ سرکاری خرچے پر ہوتا ہے، یہ چیز میں Clear کرنا چاہتا ہوں کہ کوئی بھی وہاں پر اگر Guests ٹھہرتے ہیں، اب اگر قانون میں کوئی یہ پابندی ہو گی کہ پی ٹی آئی کے لوگ وہاں پر نہیں ٹھہر سکتے تو پھر تو اور بات ہے، باقی سارے ٹھہریں گے، پی ٹی آئی کے لوگ نہیں ٹھہریں گے، پھر تو میں کچھ نہیں کہہ سکتا لیکن جتنے بھی لوگ وہاں پر پی ٹی آئی کے ٹھہرتے ہیں یا کسی کے ذاتی ہیں، تو اس کا حکومت کے اوپر کوئی بوجھ نہیں ہے، وہ ہر ایک آدمی خود برداشت کرتا ہے، اس پر خیبر پختونخوا گورنمنٹ کا کوئی خرچہ نہیں ہو رہا۔ جو فنکشنز ہوئے ہیں اور جو ایک فنکشن کی بات کی، ابھی مجھے چیف منسٹر صاحب نے بتایا، بلکہ اس وقت اس فنکشن کے دوران اعلان بھی ہوا تھا، ہمیں پتہ تھا کہ اس پر شاید اپوزیشن کی طرف سے پھر یہ آئے کہ جی یہ سرکاری خرچے پر کر رہے ہیں، میرے خیال میں اگر آپ لوگوں نے کچھ اس میں Participate بھی کیا ہو تو اسی وقت یہ سٹیج پر ہی Clarify کر دیا جاتا ہے، اس فنکشن پر جتنا بھی خرچہ ہے وہ پارٹی کی طرف سے ہو رہا ہے، خیبر پختونخوا گورنمنٹ کی طرف سے کوئی خرچہ نہیں ہو رہا (تالیاں) اور Fuel prices کی یا Cut کی بات کی گئی کہ صوبے میں جو Cut لگا ہے یا باقی صوبوں میں منسٹرز کے، چیف منسٹر نے Already thirty five percent کی انسٹرکشنز دی ہوئی ہیں کہ جتنے بھی منسٹرز ہیں ان پر Thirty five percent cut لگا دیا گیا ہے، جتنے بھی منسٹرز ہیں اور ایڈوائزر ہیں ان کے جو بھی Expenses ہیں، ان پر بھی Cut لگا دیا گیا ہے اور مہنگائی کے حوالے سے بات ہوئی کہ جی Cut تو لگنا چاہیئے لیکن Practically کیا اقدامات ہوئے ہیں؟ اس بات کی بھی بہت خوشی ہوئی ہے کہ آپ سارے تقریباً وفاقی حکومت کا حصہ ہیں، پتہ نہیں کہ گیارہ پارٹیاں ہیں یا تیرہ پارٹیاں ہیں، یاد بھی نہیں ہے، اے این پی تھوڑا سا چھپ چھپا کے گزر رہی ہے، نہ وہاں پر نظر آتی ہے نہ یہاں پر نظر آتی ہے، ان کی Clarity نہیں ہے کہ وہ اس وقت پی ڈی ایم میں ہے یا نہیں ہے، گورنمنٹ

میں ہے یا نہیں ہے ؟ باقی تو سارے ہیں، ہمیں خود بھی نہیں پتہ کہ اے این پی اس وقت فیڈرل گورنمنٹ کا حصہ ہے کہ نہیں ہے یا پی ڈی ایم کا حصہ ہے کہ نہیں ہے ؟ کیونکہ وہ یہ کوشش کر رہی ہے کہ کسی طریقے سے اس سے بچا جا سکے (تالیاں) اور درانی صاحب نے جو کہا کہ مہنگائی ہے، ہماری حکومت پر سب سے زیادہ جو الزام لگتا تھا وہ مہنگائی کا لگتا تھا کہ جی نا اہل ہیں، نالائق ہیں، ان کو کچھ پتہ نہیں ہے کہ دیکھیں ڈالر کا یہ ریٹ اتنا ہو گیا ہے، پٹرول کا ریٹ اتنا ہو گیا ہے، حالانکہ میرے خیال میں ہم نے کوئی دو سال میں تیل کو صرف ساٹھ روپے مہنگا کیا تھا، میرے خیال میں ان کے کوئی ساڑھے تین مہینے بھی نہیں ہوئے۔۔۔۔

ایک آواز: دو مہینے۔

وزیر خوراک: دو مہینے کے اندر اندر کوئی پٹرول تو نوے (90) روپے مہنگا کر دیا ہے۔ ایک سو بیس (120) روپے، اور اسی طرح اسی (80) روپے پٹرول مہنگا کر دیا ہے، میں صرف اس بات پر، یہ اچھا ہے کہ انہوں نے بھی کہا کہ مہنگائی ہو گئی ہے، تو سوال صرف یہ ہے کہ جو یہ کہتے تھے کہ ہمارے پاس بڑی Experienced team ہے اور پتہ نہیں کہ کوئی سقراط ہے بقراط ہے، وہ جب آئیں گے تو ڈالر ایک سو پچیس (125) کا ہو جائے گا، پٹرول سستا ہو جائے گا اور پتہ نہیں کیا کیا ہو گا؟ بجلی بھی سستی ہو جائے گی اور ملے گی بھی، میں یہ پوچھتا ہوں کہ وہ سستی تو چھوڑیں وہ تو ڈبل ہو گئی ہے، ملتی بھی نہیں ہے، اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہے، بارہ بارہ گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہے، پٹرول کا ریٹ دیکھ لیں یا ڈالر کا ریٹ، میرے خیال میں دو سو چودہ (214) روپے پر ڈالر کا ریٹ پہنچ گیا ہے، سٹاک ایکسچینج دیکھ لیں، کہاں سے کہاں گیا؟ Foreign currency reserves جو ہوتے تھے، وہ ابھی پچیس ارب سے کم ہو کر وہ نو ارب رہ گئے ہیں۔ اسی طرح ایکسپورٹ کا دیکھ لیں، ایکسپورٹ ہمارے دور میں اکتیس ارب تک چلی گئی تھی، ابھی پتہ نہیں اس وقت ایکسپورٹ کی کیا سیچویشن ہے ؟ جی ڈی پی تقریباً چھ فیصد پر Growth کر رہی تھی لیکن ان کو صرف یہ چیز ضرور ہے کہ خیبر پختونخوا ہاؤس میں ان کو پی ٹی آئی کے لوگ برے لگتے ہیں کہ وہ آتے ہیں، وہاں پر میٹنگ کرتے ہیں، خرچہ بھی اپنا کرتے ہیں لیکن سندھ ہاؤس کا بھی یہ ذکر ضرور کرنا چاہیئے کہ وہاں پر جانوروں کی نہیں انسانوں کی بولی لگی گئی (تالیاں) اور پوری قوم نے اس کا تماشہ دیکھا، اس پر کوئی ایکشن نہیں، کسی کی طرف سے کوئی بات نہیں، کم از کم یہ چیزیں بھی دیکھنی چاہیئیں۔ ہیلی کاپٹر کی بات ہوئی کہ ہیلی کاپٹر، جناب سپیکر، یہاں پر کچھ پرانے منسٹرز صاحبان بھی بیٹھے ہوئے ہیں، یہ بتائیں کہ آیا یہ

ہیلی کاپٹر Use نہیں کرتے تھے؟ بالکل کرتے تھے، ہیلی کاپٹر تو ہوتا ہی اسی مقصد کے لئے کہ کام کے لئے Use ہو، چیف منسٹر کا ٹائم قیمتی ہوتا ہے، کوئی ایمرجنسی سیچویشن ہوتی ہے، یہ بھی میں Clear کرتا ہوں کہ یہ دونوں ہیلی کاپٹر ان دونوں کے ادوار میں خریدے گئے تھے، ہمارے دور میں کوئی ہیلی کاپٹر نہیں خریدا گیا، (تالیاں) اگر چیف منسٹر Illegal کسی کو اتھارٹی دیتا ہے کہ آپ کسی مقصد کے لئے ہیلی کاپٹر کو Use کر لیں، اگر Officially اس کا ایک قانون بنایا جائے کہ چیف منسٹر جس کو مناسب سمجھتا ہو، منسٹرز ہوں یا کسی اور کو، تو آیا اس ہیلی کاپٹر میں پہلے کبھی سیاسی پارٹیوں کے لیڈرز یا منسٹرز نہیں پھرے ہیں؟ اگر ایک چیز Legal طور پر ہو سکتی ہے تو یہ اچھا نہیں ہے؟ اگر اس وقت کی تصاویر کسی کے پاس نہیں ہیں تو میں ان کو بھیج دیتا ہوں، واٹس ایپ کر دیتا ہوں کہ اسلام آباد سے دیگیں پکا کر مری اور ناران میں وزیراعظم کے کھانے لے کر جاتی تھیں، ابھی درانی صاحب۔۔۔۔

(تالیاں)

<u>قائد حزب اختلاف</u>: جناب سپیکر،۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: درانی صاحب، آپ نے بیس منٹ باتیں کیں، انہوں نے تو دس منٹ بھی نہیں کی ہیں۔

<u>وزیر خوراک</u>: درانی صاحب نے یہ اچھی بات کی کہ غلطیاں ہوتی ہیں، انہوں نے کہا ہے کہ توبہ کر لینا چاہیئے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: درانی صاحب نے جو سوالات پوچھے ہیں۔

<u>وزیر خوراک</u>: اگر پھر توبہ کر لی ہے، بہت اچھی بات ہے، یہ بھی خوشی کی بات ہے کہ آئندہ اس طرح کے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: درانی صاحب، آپ نے سب سوالات پوچھے ہیں، اب عاطف خان آپ کو ان کے جوابات دے رہے ہیں، آپ نے بیس منٹ سے زیادہ باتیں کیں، ابھی ان کے دس منٹ بھی نہیں ہوئے۔

<u>وزیر خوراک</u>: اچھا، آخری بات کر لیتا ہوں۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: اچھی بات ہے، ایک منٹ ایک منٹ، بہت اچھی بات ہے، انہوں نے خود کہہ دیا ہے، اچھی بات ہے۔

(شور)

<u>وزیر خوراک:</u>آخری بات، میں آخری بات کرلیتا ہوں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> عاطف صاحب، یو منٹ، زہ ورلہ جواب ورکوم۔ جناب خوشدل خان صاحب نے بہت اچھی بات کی ہے کہ اس میں ڈیبیٹ کی کوئی بات نہیں ہے، یہ صرف کٹ موشنز کے لئے ہیں، ابھی تک یہ جو کہہ رہے تھے، پتہ نہیں یہ کیا چیز تھی، کیا وہ ڈیبیٹ نہیں تھی؟ یہ بات کر رہے ہیں تو وہ ڈسکشن ہے، یہ جب کر رہے ہیں، میرے خیال سے یہ کوئی گانے گا رہے ہیں۔

(تالیاں)

<u>وزیر خوراک:</u>جناب سپیکر صاحب، میں شارٹ کرتا ہوں، میں اپنی بات شارٹ کرتا ہوں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی جواب ورکړہ۔

<u>وزیر خوراک:</u>میں۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u>میں نے بتادیا تھا کہ آپ Rule 144(e) پڑھیں۔

<u>وزیر خوراک:</u>میں آخر میں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> منسٹر صاحب، ریکویسٹ ورتہ اوکړہ چې کټ موشنز Withdraw کړی۔

<u>وزیر خوراک:</u>یہ صوبے کی Interest کی بات ہے کیونکہ مہنگائی بہت زیادہ ہے، انہوں نے خود بھی ذکر کیا۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u>جی۔

<u>وزیر خوراک:</u>انہوں نے کہا کہ اس کے لئے کیا کیا ہے؟۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> منسٹر صاحب، ریکویسٹ ورتہ اوکړہ چې Withdraw کړی۔

<u>وزیر خوراک:</u> میں ان کو صرف مہنگائی کی بتادیتا ہوں، صوبے کے فائدے کے لئے، اس پر میں چیف منسٹر صاحب کا، فنانس منسٹر صاحب کا مشکور ہوں کیونکہ مہنگائی بہت زیادہ ہے، لوگوں کو بہت زیادہ تکلیف ہے۔ جناب سپیکر، یہ حقیقت ہے، یہ پوچھ رہے ہیں کہ مہنگائی کے لئے کیا کیا ہے؟ مہنگائی کے لئے صرف آٹے کی مد میں Normally ہم نے دس بارہ ارب یا چودہ ارب کی سبسڈی دی ہے، پچھلے سال سرکاری

گیارہ سو روپے ریٹ تھا، ہم نے اس دفعہ وہ نو سو ساٹھ (960) روپے رکھا ہے، اس دفعہ ہم گیارہ (11)لاکھ ٹن کے بجائے چودہ(14)لاکھ ٹن خرید رہے ہیں،اس پر صوبائی حکومت کی جو سبسڈی لگے گی،وہ اس وقت چونتیس یاپینتیس ارب روپے ہوگی جو کہ صوبائی حکومت کی طرف سے لگے گی۔اس کے علاوہ فوڈ کارڈ شروع کیا جارہا ہے جو کہ پچاس (25)لاکھ لوگوں کو اکیس(21) سو روپیہ Monthly ملے گا، First July سے وہ Distribute ہونا شروع ہو جائے گا، یہ اکیس(21) سو روپے Per month پچاس(50) لاکھ لوگوں کو ملیں گے،اس کے تقریباً اٹھائیس(28) ارب روپے ہیں، یہ ٹوٹل ملا کر پینسٹھ (65) ارب روپیہ اس صوبے کا لگے گا، صرف غریب آدمی کو سہولت دینے کے لئے فوڈ کارڈ بنے گا اور دوسرا یہ سبسڈی، آخر میں میری صرف یہ ریکویسٹ ہے، کیونکہ یہاں پر فیڈرل گورنمنٹ کی سارے Representatives بیٹھے ہوئے ہیں،ان سے میری صرف یہ ریکویسٹ تھی کہ جو ہم چونتیس(34) ارب یاپینتیس(35) ارب روپے دیں گے،اس میں پرائم منسٹر شہباز شریف صاحب نے ایک تقریر میں کہا تھا کہ ہم خیبر پختونخوا کو سستا آٹا دیں گے،انہوں نے کہا تھا کہ میں اپنے کپڑے بیچ دونگا، میں ان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اپنے کپڑے نہ بیچیں، ہم جو صوبے کی طرف سے چونتیس(34) ارب روپے دے رہے ہیں اور اٹھائیس(28)ارب روپے دوسرے،اس میں سے Fifty percent،آدھے پیسے وہ وفاق کی طرف سے دے دیں، آدھے ہم اپنی طرف سے دے دیں گے،اگر وہ نہیں دیں گے تو یہ ساری ہماری Responsibility ہے، سارے ہم ہی دیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ لیکن میری صرف یہ ریکویسٹ ہے کہ وہ جو۔۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: نہیں،Cross talk نہ کریں۔

<u>وزیر خوراک</u>: دیکھیں، Simple سی بات ہے،انہوں نے خود Commitment کی کہ میں سستا آٹا دوں گا،اس کے لئے پینسٹھ (65)ارب روپے ہم نے رکھے ہیں، میں دوبارہ ان سے ریکویسٹ کروں گا، میں انہیں Official letter بھی لکھوں گا کہ یہ Commitment آپ کی تھی،وہ پیسے آپ صوبے کو سستے آٹے کے لئے دے دیں،اگر وہ نہیں دیں گے تو یہ ہماری Commitment ہے کہ ہم اپنے صوبے کے عوام کو ضرور وہ سبسڈی پوری کرکے دیں گے،ان شاء اللہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: منسٹر صاحب، د کټ موشنزWithdraw کولو د پاره ورته ریکویسټ اوکړئ۔

وزیر خوراک: اب اگر یہ Withdraw کرلیں تو اچھی بات ہوگی، ان سے ریکویسٹ ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: عاطف خان صاحب نے ہم سب کو مخاطب ہو کر کہا کہ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ مہنگائی پہلے تھی کہ ابھی ہے؟ جناب سپیکر، میں ان کو تھوڑا سا دو جملوں میں بتانا چاہتا ہوں، بڑے ادب کے ساتھ، ان کے ساتھ ہمارا پیار بھی ہے، وہ کون تھا جس نے خودکشی کی بات کی تھی کہ آئی ایم ایف کے پاس جاؤں گا تو میں خودکشی کروں گا، ان کا نام بتادیں؟ (تالیاں) ابھی انہوں نے جو معاہدہ کیا ہے وہ میڈیا پر آگیا ہے، اگر آج وفاقی حکومت اس Commitment کو پورا نہ کرتی تو آپ کا ملک سری لنکا بنتا لیکن میں ابھی آپ کو بتادوں، ایک خوشی کی بات بتارہا ہوں کہ ان شاء اللہ گھی سستا ہوگیا ہے، میں بھی وہاں پر وفاق کی میٹنگ میں بیٹھتا ہوں، چھ مہینے کے بعد۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: سن لیں، سن لیں۔

قائد حزب اختلاف: چھ مہینے آپ انتظار کریں، چھ مہینے میں ان شاء اللہ جو آپ نے مہنگائی بنائی ہے، یہ ساری ہم سستی کریں گے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: درانی صاحب، تاسو کټ موشن Withdraw کوئ، تاسو Withdraw کړو؟

قائد حزب اختلاف: په دې مونږ کټ موشن نه واپس کوؤ، په دې باندې ووټنګ کوؤ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: په دې ووټنګ کوئ؟

قائد حزب اختلاف: او، په دې ووټنګ کوؤ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم نگہت، آپ Withdraw کررہی ہیں؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں نے تو پہلے ہی Withdraw کرلی تھی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، تھینک یو۔ محمود احمد خان صاحب۔

جناب محمود احمد خان: جناب سپیکر صاحب، Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: Okay, withdrawn. Ms. Shagufta Malik Sahiba.

محترمہ شگفتہ ملک: جناب سپیکر، زہ بہ ھم Withdraw کړم خو ما ھم یو خبرہ کولہ چې وزیر اعلیٰ صاحب ناست دے، د کومو خرچو خبرہ چې ما اوکړہ نو پکار دہ چې دا کمې کړے شی چې ٹھومرہ زمونږ د سرکار خرچې دی، دا پہ صوبہ ډیر زیات بوجھ دے، د دې حوالې سرہ لږ Clear کړئ چې دا دې کمې کړے شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نعیمہ کشور صاحبہ۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: ووٹنگ، درانی صاحب نے کہا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

کامیاب ہوئے ہیں؟اس ایوان کو بتایا جائے کہ انہوں نے وہاں سے پیسے ریلیز کئے ہیں؟ دوسری بات یہ ہے کہ جس طرح یہاں پر ہمارے ایم پی ایز کھڑے ہو کر بتاتے ہیں کہ یہ منصوبہ میرا تھا،اس کے لئے فرسٹ فیز پر اتنے روپے تھے، یہ بھی ذمہ داری ہے کہ انصاف سے فنانس منسٹر یا فنانس سیکرٹری تقسیم کا فارمولا بھی اسی انداز پر کریں لیکن ابھی فنانس منسٹری سے ممبران اسمبلی کی جو انتہائی زیادہ شکایات ہیں وہ یہ ہیں کہ انہوں نے مخصوص پراجیکٹس کے علاوہ جو منظور نظر پراجیکٹس ہیں، کچھ خاص بندوں کے ہیں،ان کے لئے تو وقتاً فوقتاً ریلیزز کی ہیں لیکن پرویز خٹک صاحب جب وزیر اعلیٰ تھے،اس وقت کی جو سکیمیں ہیں،ان کے لئے ابھی تک ریلیزز نہیں ہوئی ہیں،ابھی تو فنانس نے بالکل پورے صوبے کی ریلیززFreeze کی ہیں لیکن یہ بھی شکایت ہے کہ وہ ساری Freeze releases نکال کر کسی ایک جگہ پر جا رہی ہیں، میرے خیال میں فنانس کا اگر یہ فارمولا ہو، Like اور Dislike ہو تو پھر یہ صوبہ کس طرح ترقی کرے گا؟ دوسری اہم بات یہ کہ یہاں پر ہمارے اضلاع میں ہم ایم پی ایز کو سکول دیتے تھے، ہسپتال دیتے تھے، باقی ڈیویلپمنٹل سکیمیں مکمل ہوتی تھیں تو پھر اس کے لئے جس بیچارے نے زمین دی ہوتی ہے وہ لوگ فنانس میں آتے ہیں، وہاں پر سیکشن آفیسر کے ساتھ لے دے کر کے اپنی پوسٹ سینکشن کراتے ہیں، جب تک اس کے ساتھ لین دین نہ کریں تو وہ بلڈنگ مکمل طور پر خراب ہو جاتی ہے۔اس بلڈنگ کی سی اینڈ ڈبلیو کے ساتھ اس ڈیپارٹمنٹ کی Handing and taking over ہو چکی ہوتی ہے لیکن اس کی ریلیز نہیں ہوتی،اس پر نظر ثانی کی جائے۔ دوسری جو شرمناک بات ہے، وہ یہ ہے کہ اجتماعی پیسے ریلیز ہوتے ہیں لیکن فنانس ڈیپارٹمنٹ کے پاس ٹھیکیدار آتے ہیں، پھر منظور نظر ٹھیکیدار وہاں پر ساز باز کر کے ان کے لئے رقم جاری ہوتی ہے، یہ ایسے ایشوز ہیں جن سے اس صوبے کی ڈیویلپمنٹ متاثر ہوتی ہے،اس پر منصفانہ انداز میں جو فنانس کی ذمہ داری ہے وہ پوری کی جائے۔ شکریہ جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> صلاح الدین صاحب۔

<u>Mr. Salah ud Din:</u> Thank you, Mr. Speaker. I had made a promise, so, I withdraw.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جناب سردار حسین بابک صاحب۔

<u>جناب سردار حسین:</u> شکریه جناب سپیکر، فنانس منسټر صاحب دلته ناست دے او فنانس ډیپارټمنټ زمونږ د صوبې یو ډیر اهم ډیپارټمنټ دے، څنګه چې احمد خان خبره اوکړه، بالکل مونږه دا اونه لیدل چې فنانس منسټر صاحب د صوبې

مقدمه د این ایف سی ایوارډ په شکل کښې، نو پکار خو دا وه چې اوس خو ورته لاره هم کهلاؤ شوه، زمونږ فنانس منسټر صاحب اسلام آباد ته ځی او په هره هفته کښې یو یو پریس کانفرنس کوی، مرکز ته د 1991ء اے جی این قاضی فارمولا وریادوی او دا چې کوم زمونږ حسابات او کتابات ورسره دی، دا د دوئ ذمه واری ده، زه به ورله تجویز هم ورکوم چې تر اوسه پورې څومره په دې صوبه کښې فنانس سیکرټریز پاتې شوی دی یا فنانس سپیشلسټس دی، پکار دا ده چې فنانس منسټر صاحب د هغې یو کمیټی په فنانس منسټرئ کښې جوړه کړی، ظاهره خبره ده چې د هغه خلقو سروسز چې دی، په فنانس کښې هغه مونږ ته ډیره زیاته ګټه راکولے شی۔ جناب سپیکر، که مونږه اوګورو، زمونږ د صوبې د ټولو نه لوئے آمدن چې څنګه احمد خان هم خبره اوکړه، هغه بجلی ده او دا ډیره عجیبه خبره ده، دا دومره عجیبه خبره ده چې انسان ډیر خفه شی چې مونږ څومره بجلی پیدا کوؤ، د هغې ریکارډ مونږ سره نشته، یعنی دا مونږه عجیبه Sellers یو چې مونږ یوه Commodity یا یو آئټم مونږ خرڅوؤ، مونږ ته پته نه لګی چې زمونږ دا صوبه څومره بجلی پیدا کوی؟ Stada machine زما یقین دے فنانس منسټر صاحب به پرې ډیر ښه پوهیږی چې مونږ واپډا دې ته هم نه پریږدی چې مونږ پاور هاؤسز کښې خپل Stada machine اولګوؤ، مونږ ته پته اولګی چې زمونږه دومره پیداوار دے جناب سپیکر، فنانس منسټر صاحب ته به زمونږ دا هم ګزارش وی، مونږ به ورسره لاړ شو، مرکزی حکومت ته (b) (a) Article 157 (d) (c) اوښایو، د دې آمدن هم زمونږه دے، د دې اول استعمال هم زمونږه دے، د دې بجلئ نرخ مقررکول هم زمونږه اختیار دے، دا دومره اهم خبره ده، مونږ له سوچ پکار دے چې نن زمونږ د صوبې ټولې کارخانې بند دی، زمونږ بجلی دومره ګرانه ده، ما هغه بله ورځ هم په خپل بجټ تقریر کښې اووئیل چې بونیر ماربل سټی په سوؤنو کارخانې بند دی، کرش پلانټس چې دی هغه بند دی ځکه چې بجلی دومره ګرانه ده، اوس مونږه ئے په یوه روپئی یونټ پیدا کوؤ، مونږ له ئے په شل روپئی یونټ راکوی، د نرخ مقررول دا اختیار هم هغوی سره نشته، زمونږ چې کوم آمدن هغوی ایسار کړے دے، د ټولو نه لوئے کرپشن خو دغه دے، دلته مونږ ته بیا زمونږ فنانس منسټر صاحب روزانه دا خبرې کوی چې

تنخواګانې دې ته اورسیدې، پینشن دې ته اورسیدلو، بابا، ریاست وی د دې د پاره چې خپل اولس له به روزګار هم ورکوی، د خپل اولس د سر او د مال تحفظ به هم کوی، دا د سر او د مال تحفظ چې دے دا هم په روزګار کښې راځی۔ جناب سپیکر، خیبر بینک زمونږ د صوبې نیشنل بینک دے، آیا نه ده پکار چې د دې صوبې ټول ډیپارټمنټس بینکنګ هغه په خیبر بینک کوی؟ مونږ په دې اعتراض نه کوؤ چې تاسو د نورو صوبو نه په اتهاره لاکه روپئی په پچیس لاکه روپئی باندې ایمپلائز راولئ او په خیبر بینک کښې ئے کښینوئ خو مونږ هم دا حق لرو چې دا تپوس اوکړو، آیا ولې زما په دې صوبه کښې Capable خلق نشته؟ آفیسرز پکښې نشته؟ بیا زمونږ د صوبې چې کوم ایډوانسز دی، دا ډیره لویه المیه ده چې د پنځوس کالو نه زما اقتصاد تباه شو، زما تجارت تباه شو، زمونږه انفراسټرکچر تباه شو، تاسو اوګورئ چې د Militancy په دوران کښې په دې ټوله صوبه کښې ټینکونه چې په کومو روډونو باندې ګرځیدلی دی، مونږه تر اوسه پورې د هغه Infrastructure, maintenance and repair او نه کړے شو، پکار دا ده چې دغه ایډوانسز چې دی هغه Specify کړی، صحیح ده مونږ نه غواړو خو مونږ دا غواړو چې دا بینک دې په څلورو صوبو کښې وی خو Deserving، د ټولو نه اهم به هغه مونږ یو، زما به فنانس منسټر صاحب ته دا هم خواست وی، زه هغه خبره کول نه غواړم ځکه چې مونږ هسې هم خبره کوؤ نو تاسو مونږ پسې پاځئ، بیا مونږ ته وایئ چې ستاسو په حکومت کښې خو ایزی لوډ وو، ایزی لوډ، زه هغه خبرې نه کوم، زه هغه خبره نه کوم، او د اشتیاق خان دا خبره اومنئ، د اشتیاق خان دا خبره عاطف خان، اومنئ ګنی بیا به مونږه هم ډیرې خبرې اوکړو۔ جناب سپیکر، دا د فنانس د مینجمنټ کمزوری ده چې ته ماله په بلین ټریز سونامی باندې په اربونو روپئی لګوې خو ته د دې آئین د آرټیکل 158 وکالت ولې د پختونخوا د پاره نه کوې، دا ګیس زما نه دے؟ دا ماله د پاکستان آئین راکړے دے چې اول استعمال د هغې Federating unit دے چې کوم Federating unit ئے پیدا کوی جناب سپیکر، تاسو پخپله سوچ اوکړئ چې بونیر ته ګیس ملاؤ شی، شانګلې ته ګیس ملاؤ شی، چترال ته ګیس ملاؤ شی او بنوں ته هم ګیس ملاؤ شی، وزیرستان ته هم ګیس ملاؤ شی، کرک ته

هم گیس ملاؤ شی، د کرک خلق ژاړی او زنانه راپاخی، جناب سپیکر، دا د فنانس د منسټرئ او دا د فنانس منسټر ذمه داری ده چې هغه د دې صوبې د خپل حق وکالت اوکړی۔ زه به تجویز دا هم وړاندې کوم چې زمونږ کوم Pensioner employees دی، هغوی کښې اکثر وفات دی، د هغوی کور والا بوډاګان وی، هغوی ډیر کړیږی، تاسو مخکښې هم خپل سپیچ کښې وئیلی وو چې اوس مونږ پنشن آسان کړے دے، هغه طریقه کار اوس هم نور آسان کول پکار دی، په ضلعو کښې چې کوم د فنانس دفترونه دی، تاسو د دې خپل ایم پی ایز نه تپوس اوکړئ، د دې خپل ایم پی ایز نه چې هلته کوم حال دے، زمونږ په دې فنانس کښې، سی ایم هم ناست دے، زه چې اوس راتلم نو ماته د صوابئ نه ټیلیفون اوشو، د صوابئ د ټهیکیدارانو کمیونټی ماته ټیلیفون اوکړو چې هلته چوده کروړ روپئی تلې دی، Punching خو لا کیږی نه غالباً خو هلته وائی، زه نه پوهیږم چې څوک خبره کوی، چا وئیلی دی چې دوه کسانو ته Punching اوکړئ، دا نه ده پکار، کوم سکیمونه Ongoing دی، د هغې Work ته ګورئ، Work done ته ئے ګورئ، د هغې مطابق پکار ده، مثال هغه د Work done مطابق هغوی ته ریلیزز کیږی جناب سپیکر، چونکه په پلاننګ کښې د فنانس یو ډیر لوئے Role دے، زه تجویز ورکوم، ما سی ایم صاحب ته هم وئیلی وو، ما پرویز خټک صاحب ته هم وئیلی وو، نن تاسو سوچ اوکړئ چې د پرائمری سکول یا د سکول یوه کمره چې ده، هغه په اتهائیس لاکھ روپئی جوړیږی، هغه بتیس لاکھ ته اورسیده، دا د ټهیکیدارئ نظام مونږ له Discourage کول پکار دی، مونږ ټول ممبران یو، مونږ له د خپلو حلقو خلق راځی او واټر سپلائی سکیمز دے، په ګراؤنډ باندې هغه واټر سپلائی سکیم په دیرش لکهه روپئی کیږی او چې پی سی ون د هغې جوړ شی نو هغه دوه نیم کروړه روپئی وی، مونږه ته وائی دا Payment receipt دے، PCC (Per Capita Consumption) routes دی یا Roads دی، په هغې باندې به یو کروړ روپئی لګی او چې پی سی ون د هغې تیار شی نو هغه به پینځه کروړه وی۔ جناب سپیکر، دا ډیره سیریس ایشو ده، په دې باندې تاسو د CCB (Citizens Community Board) composition څه جوړوئ، تاسو د Community Based Organization composition څه جوړوئ، پخپله ورته

کښینئ، د جماعت امام پکښې کښینوئ، د سکول هيډ ماسټر پکښې کښينوئ، Notables پکښې کښينوئ، آټھ ممبرز پکښې-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> بابک صاحب، بس شارټ کړئ ځکه چې تاسو ګورئ دا دریم ډیمانډ دے، درې ګهنټې اوشوې، دوه ورځې نورې پاتې دی نوکه په دې مونږ داسې لګیا یو، دا خو نه Complete کیږی، تمام آنریبل ممبرز به پرې هم خبرې کوی، دا چونسټھ ډیمانډز دی او-----

<u>جناب سردار حسین:</u> خیر دے کنه جی، دا صوبه هم په کوم حال کښې ده، مونږ ته خو ښه اے سی ګان لګیدلی دی-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ستاسو خبره بالکل صحیح ده، هم دا ټولې خبرې خو تاسو مخکښې یو ځل کړې دی-

<u>جناب سردار حسین:</u> ما نه دی کړی، مونږ ته خو اے سی ګان لګیدلی دی او ټی اے، ډی اے اخلو نو پریږده چې د دې اولس د پاره هم څه اووایو کنه- زه فنانس منسټر ته، حکومت ته به د خیبر بینک تجویز هم ورکوم چې مهربانی اوکړئ دا ایډوانسز چې دی په دې باندې ټیم کښینوئ، نن تاسو اوګورئ، تاسو سره Skilled خلق دی، هنر مند خلق دی، Small business holders دی، SNEs چې ورته تاسو وایئ، ټریډرز دی، کنټریکټرز دی، مینوفیکچررز دی، زمونږ په دې ټوله صوبه کښې سوات ته اوګورئ، سلام پور ته، چترال ته اوګورئ، دیر ته اوګورئ، چارسدې ته اوګورئ، ضلع بنوں ته تاسو اوګورئ، په هره ضلع کښې زمونږ خپل پراډکټس دی، دا به هله رااوچتیږی چې زمونږه حکومت دا ایډوانسز Specify کړی، د دې صوبې د پاره، ډیرو خلقو ته به په ډیر Low margin باندې، اخری خبره چې زه کول غواړم، هغه په Foreign funded schemes کښې Grant in aid دے او که Soft loans دی، پکار دا ده چې دا پیپر ورک چې دے په هغې کښې ډیر وخت نه ضائع کیږی ځکه چې دلته ګرانی راځی، ډالر ورځ تر ورځه په بره روان وی، په هغې باندې توجه ورکول پکار ده، فنانس ډیپارټمنټ له نه دی پکار چې هغه په خپل Own باندې پراجیکټس شروع کړی، شپږ پراجیکټس شروع دی، هر یو ډیپارټمنټ دلته موجود دے، د فنانس کار خو صرف فنانسنګ کول

دی، Finance collect کول دی، نه ده پکار چې فنانس په خپل Own باندې پراجیکټس کهلاؤ کړی ځکه چې دا هسې هم په دې صوبه باندې یو Liability جوړیږی۔ بله سیریس خبره چې دلته په فنانس ډیپارټمنټ کښې چې کوم Punching کیږی، زه وئیل نه غواړم خو منسټر صاحب له پکار دی چې د هغې تحقیقات اوکړی ځکه چې هغې کښې Gray areas چې کوم دی هغه اوس ډیر زیات دی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسز ثمر ہارون بلور صاحبہ۔

(عصر کی اذان)

جناب ڈپٹی سپیکر: مس شاہدہ وحید صاحبہ۔

محترمہ شاہدہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، زمونږه فنانس چې کوم دے هغه د صوبې محاصل او ریونیو راجمع کوی او بیا ئے په نورو محکمو کښې تقسیموی خو دې کال به زه یو خبره اوکړم چې زمونږ کوم فنانس منسټر صاحب چې دے، هغوی د خپلې محکمې له څلور نیم اربه روپئی ایښودلې دی، زه ترینه تپوس کوم چې دا د څه د پاره دی، آیا په دې باندې دوئ څه آپریشن کوی که څه هسپتال پرې جوړوی، که څه پرې کوی؟ زه به دوئ ته دا ریکویسټ کوم چې دا کومې پیسې تاسو سره دی، پکار دا ده چې دا سکولونو له ورکړے شی ځکه چې اوبه نشته دے، د اوبو د پاره ئے ورکړئ۔ بله به زه دا خبره اوکړم چې کوم ریلیزز دی، هغه ریلیزز ولاړ دی، هغه ټول پراجیکټس بند دی، تنخواه دار چې کوم مزدوران دی، هغوی ته د تیرو شپږو میاشتو نه تنخواه نه ملاویږی، ستاسو چې کوم د ډسټرکټ اکاؤنټس دفترونه دی، په هغې کښې چې کوم افسران دی، په هغوی کښې کرپشن روان دے، د کرپشن اډې دی، د هغې چې کوم آډټ دے هغه صفر دے، زه دا غواړم چې تاسو په دې باندې مهربانی اوکړئ او ماته لږ تفصیل اووایئی، دا کومې پیسې چې تاسو سره دی، مهربانی اوکړئ چې دا په څه ښه ځائې کښې اولګوئ چې د دې نه خلقو ته هم څه فائده اوشی، ستاسو هم دغه اوشی۔ ډیره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نثار احمد صاحب۔

جناب نثار احمد: شکریه جناب سپیکر صاحب، د فنانس منسټر صاحب او زمونږ آنریبل چیف منسټر صاحب، دوئ په ضلع مهمند کښې دوه کاله مخکښې زمونږ د درې سړکونو افتتاح کړې وه، هغه نن هم د فنډ د نشتوالی ښکار دی، هغه سړکونه اوس هم Incomplete پراته دی، د یکه غونډ نه واخله تر غلنئ پورې خلق د پنځلس منټو لار ده، هغه په څلورو ګهنټو کښې، د هغې څه فنډ نشته دے، دغسې د فنانس منسټر صاحب نه زه دا غوښتنه کوم چې زما په ضلع کښې SNEs هم دغسې د کلاس فورو پرتې دی، په هیلتھ ډیپارټمنټ کښې پرتې دی، مونږ پخپله ورغلو او دوئ سره ملاؤ شو ځکه چې دوئ د هیلتھ ډیپارټمنټ هم منسټر دے خو دوئ مونږ له هیڅ د هغې څه جواب رانکړو، بلکه دا ئے اووئیل چې زه دا نه کوم، تاسو دغه څیزونه نه کوئ، تر هغې پورې به په دغه باندې مونږ دا کټ موشنز راوړو، دا څومره مونږه دلته فنانس ډیپارټمنټ ته یا دوئ ته پیسه ورکوی، زما یقین دے چې د دې څه فائده نه راځی جناب سپیکر، فائده به هله راځی چې دغه پیسې ډائریکټ عوامو ته لاړې شی۔ بل سی ایم صاحب، ستاسو توجه یو خبرې ته راګرځول غواړم، تاسو په دې ځائې باندې درې وارې مونږ ته زمونږ د پراجیکټونو د ریګولر کولو اعلان اوکړو خو د PMU او BECS (Basic Education Community Schools) Teachers عاجزان نن هم په دغه چوک کښې ناست دی، نه پوهیږم چې دا د څه د پاره زنډیږی، ولې دا نه کیږی؟ ډیر افسوس دے، نن ستاسو نه توقع ده چې په دې باندې ضرور اعلان اوکړئ، نن دا اعلان اوکړئ چې دا ریګولر شی۔ ډیره مننه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: صاحبزادہ ثناءاللہ صاحب۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریه جناب سپیکر صاحب، ډیره مهربانی۔ ما خو خپل کټ موشن واپس اغستلے وو خو زما یو تجویز دوه داسې دی چې هغه زه د فنانس منسټر صاحب په نوټس کښې راوستل غواړم۔ زما د حلقې څه داسې سکیمونه دی چې هغه 2015-16ء کښې شروع شوی دی، اووه کاله اوشو چې هغه سکیمونه نیمګړی پاتې دی، هغه سکیمونه اووه کاله، لکه مخکښېنے Tenure هم ختم شو، اوس بل Tenure په ختمیدو دے، هغه سکیمونو ته فنډونه نه

ملاویړی، زما دا ریکویسټ دے چې مهربانی اوکړئ هغې ته هغه Allocation چې کوم شوے دے هغه ورته Full allocate کړئ نو مهربانی به وی، شکریه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: فنانس منسٹر صاحب۔

وزیر خزانہ: جناب سپیکر، کافی زیادہ Comments آئے ہیں، میں کوشش کرتا ہوں کہ جلدی جلدی سے جواب دوں، صرف سٹارٹ میں میں یہ واضح کروں گا کہ اگر فنانس ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی جو اس کا Basic کام ہے وہ Resources generate کرنا، اس کو Spend کرنا، نہ اس صوبے کی آمدن دو سال میں ڈھائی گنا بڑھتی تھی، تیئیس (23) ارب سے پچھتر (75) ارب اور نہ جو Actual spending ہے وہ پچھلے سال ڈیویلپمنٹ کی ریکارڈ ہوتی جو کہ دو سو ساٹھ (260) ارب سے زیادہ ان شاء اللہ ہو گی۔ (تالیاں) جناب سپیکر، میں ان سارے معزز ایم پی ایز کا شکریہ ادا کرتا ہوں، نگہت اورکزئی بی بی نے فنانس کمیٹی اسمبلی کے بجٹ کی بات کی، ان شاء اللہ اسمبلی کا بجٹ ریلیز ہو جائے گا، اس پر میں بات کروں گا کہ وہ کیوں ریلیز نہیں ہوا؟ اسمبلی ملازمین کا جو Honorarium ہے، اس پر I am sure کہ چیف منسٹر صاحب اپنی Closing speech میں بات کریں گے، اس پر میں ابھی Comments نہیں کروں گا۔ بٹنی صاحب چلے گئے، بٹنی صاحب نے بڑا اچھا سوال کیا کہ ہم نے کچھ دن کے لئے Payments کیوں روک لیں؟ Payments اس لئے روک لیں کہ جو پیسہ ہمیں Automatically آتا ہے وہ تو آتا ہے لیکن جب سے امپورٹڈ حکومت آئی ہے، ہمیں نیٹ ہائیڈل پرافٹ کا ایک پیسہ نہیں ملا اور نہ فاٹا کے ڈیویلپمنٹ فنڈ کی ریلیز ملی اور نہ کرنٹ ریلیز ملی، جب یہ پیسہ نہیں آیا، میں نے بار بار اپوزیشن کو کہا، جیسے عاطف خان نے بھی کہا کہ آپ وفاقی حکومت میں ہیں، یہ صوبے کا مقدمہ ہے، ہمارے ساتھ لڑیں، ان کو ماضی میں دیکھنے کا بڑا شوق ہے، جو ان کی Responsibility ہے وہ ادا نہیں کرتے، ہم نے وہ مسئلہ حل کر دیا ہے، ان شاء اللہ آگے وہ سسٹم یکم جولائی سے بہتر چلے گا، نہ کسی کی تنخواہ رکے گی اور نہ وہ ڈیویلپمنٹ، جیسے اس سال ریکارڈ ہوئی ہے، اگلے سال بھی ریکارڈ ہو گی۔ میں یہ بھی اس میں کہہ دوں، ایک بار پھر جو یہاں درانی صاحب بیٹھے ہیں، شاید یہی بات پہنچا دیں، یہ کبھی کبھی اسمبلی آتے ہیں، قبائلی اضلاع کی جو بات تھی، اس پر میں بار بار Stress کر رہا ہوں، چیف منسٹر صاحب بھی کر رہے ہیں کہ چلیں نیٹ ہائیڈل ریلیز نہیں کیا، وہ ایک پرانا مسئلہ تھا، قبائلی اضلاع کا بجٹ Increase کرنے کے لئے جب میں مفتاح اسماعیل سے ملنے گیا اور وہ ملا تو ان سے اپنی ہی پارٹی کے ممبر مولانا صاحب کے بیٹے ہیں، میرے خیال میں جو اس میٹنگ میں بیٹھے تھے، جو گورنمنٹ اور اس کے Allies کی تھی، وہاں پر بات ہوئی کہ قبائلی اضلاع کا

بجٹ زیادہ کریں، تو کس نے مخالفت کی اور کس نے مقدمہ پیش نہیں کیا کہ قبائلی اضلاع کو اس کا حق ملنا چاہیئے؟ جب جے یو آئی کے وزیر وہاں وفاقی کیبینٹ میں بیٹھے ہوئے تھے تو اس کا جواب میں نہیں دے سکتا، اس کا جواب درانی صاحب ہی دیں گے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، مس شگفتہ ملک نے بات کی، ہاں جی ساڑھے تین سال میں عمران خان صاحب نے قبائلی اضلاع کو پہلے ایک سال میں ایک سو تیس (130) ارب روپے دیئے، جس کو پہلے کبھی ایک سال میں چالیس (40) ارب سے زیادہ نہیں ملے تھے، (تالیاں) یہ عمران خان کو کریڈٹ جاتا ہے، انہوں نے ایک سو تیس (130) ارب روپے ایک سال میں دیئے، جہاں ڈیویلپمنٹ بجٹ کبھی بیس (20) ارب روپے سے زیادہ نہیں ہوتا تھا، چون (54) ارب روپیہ دیا اور چھ (6) ارب روپے صوبے نے اپنے پیسوں سے ڈالے، یعنی ساٹھ (60) ارب روپے تقریباً جتنی Spending بلوچستان میں ہوتی ہے، کیونکہ ان کا میں نے دیکھا خسارے کا بجٹ ہوتا ہے، قبائلی اضلاع کا ڈیویلپمنٹ بجٹ وہاں تک لے گئے اور وہ اس سے زیادہ کیوں نہیں ہوا؟ این ایف سی کی بات ہوئی، ابھی بابک صاحب نہیں ہیں، دو بار این ایف سی کا پراسیس چلا، اس میں سب سے زیادہ مخالفت سندھ نے کی، ایک تو سندھ نے اس بات پر مخالفت کی کہ 2017ء کا ہم Census نہیں مانتے، جس میں قبائلی اضلاع کو چھوڑیں، خیبر پختونخوا کا اپنا شیئر ڈھائی فیصد زیادہ ہوتا ہے، ابھی ان کو کوئی مسئلہ نہیں ہے کہ نئے حلقے 2017ء کے Census پر بن رہے ہیں لیکن جب خیبر پختونخوا کو ان کے شیئرز ملنے کی باری آئی تو ان کو Census کی مخالفت یاد آئی، وہ ساڑھے تین سال کی بھی بات ہوئی۔ جناب سپیکر، میر کلام صاحب نے فنڈز کے Lapse ہونے کی بات کی، یہ میں دوبارہ صرف ایک ٹیکنیکل بات کرتا ہوں، Funds lapse نہیں ہوتے، اگر Funds Lapse ہوتے تو ہمیں جون میں وہ Spending limits کو نہ دیکھنا پڑتا، فنڈز جو آتے ہیں وہ کوشش کرتے ہیں کہ ہم ایک ایک پیسہ لگائیں بلکہ ہم نے بار بار اپنا Ways and means overdraft بھی استعمال کیا ہے، وہ Overdraft اس لئے استعمال کیا ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ ایک روپیہ Lapse نہ ہو، جس کو Budgeting سمجھ میں آتی ہوگی وہ اس بات کو سمجھے گا۔ جناب سپیکر، نعیمہ کشور بی بی نے بات کی کہ تین مہینے کے Reviews ہونے چاہئیں، بالکل یہ بڑی اچھی Suggestion ہے، ان شاءاللہ جیسے ہمارا واحد صوبہ ہے جو کہ Actual receipt and expenditure دیتا ہے، جس نے بجٹ کی کتابیں باقی سارے صوبوں سے بلکہ وفاق سے بھی زیادہ شفاف کر دی ہیں، اگر آپ چاہتے ہیں، ہم ہر تین مہینے Budget expenditure کو بھی Review کریں گے،

بلکہ ہمارے نئے Public Financial Management Bill میں اس ٹائپ کی چیز آ رہی ہے اور Human Rights Task Force کے لئے فنڈنگ یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے، ہم نے بہت سے ادارے بنائے ہیں وہ خود تو بجٹ ڈسکشن کے لئے نہیں آتے، I don't know آسیہ خٹک تو بیٹھی ہوئی ہیں، سمیرا شمس، بہت سی خواتین آئیں ہیں جنہوں نے خواتین کے بجٹ پر بات کی، ہم نے اس وجہ سے خواتین کو ایک ریکارڈ بجٹ دیا ہے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، نلوٹھا صاحب نہیں ہیں، انہوں نے پرانی سکیموں کی Positive بات کی۔۔۔۔

ایک رکن: وہ تو موجود ہیں۔

وزیر خزانہ: بیٹھے ہوئے ہیں، تھینک یو۔ پرانی سکیموں کو بالکل فنڈنگ جانا چاہیئے، میرے خیال میں چیف منسٹر صاحب نے جوائے ڈی پی کا پراسیس Lead کیا، اگر مجھے نمبر صحیح یاد ہے تو شاید بانوے (92) فیصد وہ فنڈنگ پرانی سکیموں کو گئی ہے، ان شاء اللہ جتنا ہم دیکھیں گے، اے ڈی پی کو بھی ساتھ ساتھ Rationalize کریں گے اور Prioritise دیں گے۔ یہ جو ایک Long-standing مسئلہ ہے، یہ نیا مسئلہ نہیں ہے کہ بڑا ہسپتال دس سال میں بنتا ہے، بڑا پراجیکٹ وہ دس سال میں بنتا ہے، یہ بہت بہتر ہو گا۔ جناب سپیکر، SNEs کی انہوں نے بات کی، SNEs میں تھوڑے بہت مسئلے ہوں گے لیکن یہ فگرز میں بعد میں دے دوں گا، SNEs approve کرنے کا پراسیس اس میں ہم نے اربوں روپے بھی بچائے ہیں، پہلے سے بہت تیز ہوئے ہیں، ہر ہفتے SNEs کی میٹنگ ہوتی ہے، اس میں جو پراجیکٹس جن کی SNEs approved ہوئی ہے یا SNEs کی سٹیج تک وہ آئی ہے، وہ Approved ہوتی ہے، اگر کوئی ایشوز ہیں تو وہ آپ لے آئیں، کیونکہ SNEs approve کرنے میں کوئی دقت نہیں ہونی چاہیئے، یہ میں Agree کرتا ہوں۔ میاں نثار گل صاحب نے کرک کی رائلٹی کی بات کی، انہوں نے کہا کہ صاف صاف بتایا جائے، اب Obviously میرے پاس اس وقت Exact numbers نہیں ہیں لیکن یہ میں نے پہلے بھی Commit کیا ہے، ہم نے ہر سال Budget books میں نہیں ڈالا لیکن ہم Budget books کو Update کریں گے کہ نیٹ ہائیڈل پرافٹ اور آئل اینڈ گیس کی جو رائلٹی ہے، اس کا ڈسٹرکٹ وائز بیلنس کتنا ہے اور کتنی Payment ہوئی ہے ہ؟ وہ ہماری Budget books میں Reflect ہو اور وہ ہم Update کریں، وہ Updated versions فنانس کی ویب سائٹ پر لوڈ کر دیں لیکن ایک بات میں ضرور کہوں گا کہ میرے خیال میں یہ جو چار سال گزرے ہیں، ان میں تو کرک میں اتنے فنڈز لگے ہیں کہ

میرے خیال میں چیف منسٹر صاحب وہاں سے الیکشن بھی کر سکتے ہیں۔ جناب سپیکر، انہوں نے ایل پی جی رائلٹی کی بات کی، بالکل آپ ہمارے ساتھ کیس لڑیں، ہم آپ کے ساتھ ہیں اور فیڈرل گورنمنٹ جو آپ کی امپورٹڈ گورنمنٹ ہے، آئیں ان سے ایل پی جی رائلٹی بھی لیتے ہیں۔ جناب سپیکر، ریحانہ اسماعیل بی بی نے Fund lapsing کی بات کی، اس کی بات Already ہو گئی، Fund release on time ہم نے پچھلے سال ایک سو فیصد کر دی تھی، اس سال چونکہ فیڈرل گورنمنٹ سے کوئی Clarity نہیں ہے کہ وہ کیا ریلیز کرے گی یا نہیں کرے گی؟ اس کے باوجود ہم اس سال پہلا Tranche fifty percent release کر دیں گے اور جو انہوں نے Special needs کی بات کی، اس سال ہم نے Special needs کے بچوں کے لئے پہلی بار یہ اناؤنس کیا ہے کہ ان کے ایجوکیشن سسٹم کو ہم ایلیمنٹری اور سیکنڈری ایجوکیشن کے ساتھ Integrate کریں گے، یہ بھی پہلا صوبہ ہو گا جو یہ کرے گا۔ (تالیاں) حمیرا خاتون نے بات کی کہ فنڈز Certain districts کو جا رہے ہیں اور وہ ووٹنگ کرائیں گی، فنڈز سارے ڈسٹرکٹس کو جاتے ہیں، اگر آپ نے ووٹنگ کرانی ہے تو آپ ووٹنگ کرا لیں، ووٹنگ میں دیکھ لیں گے۔ جناب سپیکر، اختیار ولی نے غلط بیانی کی ہے، I am sorry، تھوڑا میرے خیال میں ان کی پارٹی کے منشور میں ہے یہ غلط بیانی کرنا، انہوں نے کہا ہے کہ قرضے تقریباً آٹھ سو ستاسی (887) ارب روپے ہیں، ان کے ٹیبل پر بجٹ کے دن یہ پڑا ہوا تھا جس میں یہ جو قرضوں کی بات کر رہے تھے، یہ ساری ڈیٹیل ہے، ایک ایک قرضے کی ڈیٹیل ہے، شاید یہ کل پرسوں سن نہیں رہے تھے، تین سو تیس (330) ارب روپے کے جو آج قرضے ہیں، اگر آپ وہ As a percentage of budget نکالیں تو یہ تیرہ سو بیالیس (1342) ارب روپے کا بجٹ ہے، تین سو تیس (330) یہ قرضوں کا ٹوٹل حجم کے لحاظ سے تقریباً پچیس فیصد بنتا ہے، جس وقت ہمیں حکومت ملی تھی، اس وقت تقریباً سو (100) ارب روپے کے قرضے تھے، تین سو (300) ارب روپے کا ٹوٹل بجٹ تھا، یعنی یہ قرضے بجٹ کے تینتیس فیصد تھے، ہم نے Actually قرضے کم کئے ہیں، یہ ریکارڈ پر ہے، یہ اختیار ولی صاحب سن لیں کہ یہ پی ٹی آئی کی Good governance ہے۔ انہوں نے ایک بڑا اچھا سوال کیا کہ یہ قرضوں کی ادائیگی کے لئے وسائل کیسے آئیں گے؟ بلکہ میں پورے پاکستان کی طرف سے جواب دے دیتا ہوں، یہ وسائل ایسے آئیں گے کہ امپورٹڈ گورنمنٹ ہٹے گی، الیکشن ہو گا، عمران خان صاحب دو تہائی اکثریت سے ان شاء اللہ آئیں گے (تالیاں) اور اس کے بعد پاکستان ترقی کے راستے پر جائے گا، قرضوں کا کوئی مسئلہ نہیں ہو گا۔ (شور) جناب سپیکر، یہ پی ٹی آئی کے

Social media influencers نہیں ہیں، آج میں نے خود چیف منسٹر صاحب سے سنا ہے، کیونکہ کچھ ایم پی ایز نے کمپلینٹ کی ہے کہ یہ تو ہماری مرضی سے نہیں ہوئے، چیف منسٹر صاحب نے کہا کہ یہ کسی کی مرضی سے نہیں ہوئے، یہ میرٹ پر ہوئے ہیں، چونکہ آج کل سوشل میڈیا کا زمانہ ہے، یہ ہر قسم کی Projection، بہت سی افواہیں پھیلتی ہیں۔ جناب سپیکر، یہ آپ کو یاد ہوگا کہ پولیو کے کیس میں کسی نے بچوں کو بے ہوش کرا دیا تھا، پورا ڈرامہ کیا تھا، اس سے آپ کا پورا پولیو Campaign affect ہوا تھا، میں آپ کو ایک مثال دے دیتا ہوں لیکن اگر ایسے سوال کرنے ہیں تو پھر ہم یہ بھی پوچھیں گے کہ یہ جو وفاقی حکومت کے آدھے وزیر ہیں، یہ مریم نواز شریف کے left اور Right پر کس Capacity پر کھڑے ہوتے ہیں، ان کو تنخواہیں اس لئے ملتی ہیں کہ یہ مریم نواز شریف کے Left اور Right hand بن جائیں؟ مریم نواز شریف ٹویٹ کرے کہ Miftah, look into this and Miftah, look into that، وہ جو Mordantly ملک کا فنانس منسٹر ہے، وہ کہتا ہے کہ جی حضور میں دیکھ لوں گا، یہ سارا Twitter اس سے بھرا پڑا ہے، اگر آئی ایم ایف پر ان کو اتنا اعتراض ہے تو آج کل یہ آئی ایم ایف سے بھیک کیوں مانگ رہے ہیں؟ خدا کے لئے Deal کرو تا کہ انہوں نے یہ ڈالر تیس دن میں ایک سو اسی (180) سے دو سو چودہ (214) پر لے کر گیا ہے، یہ پاکستان سری لنکا کی طرف نہ جائے، اگر ان کو یہ حکومت سنبھالنی نہیں آتی تھی تو کیوں اس پر سازش کر کے قبضہ کیا؟ (تالیاں) جناب سپیکر، کنڈی صاحب نے آئین کے بہت سے آرٹیکلز بتائے ہیں، آرٹیکل 160 این ایف سی کا ہے، این ایف سی میں ہم نے نمائندگی نہیں کی، میں اس کا جواب Already دے چکا ہوں، انہوں نے یہ کہا کہ این ایف سی رپورٹ اسمبلی آ گئی ہے، Latest report بھی ابھی آ جائے گی لیکن یہ دوبارہ سے یاد رکھیں، میں Remind کرتا ہوں، میں نے پہلے کہہ دیا تھا کہ ابھی این ایف سی میں، میں صرف فاٹا کی بات نہیں کر رہا ہوں، میں خیبر پختونخوا کی بات کر رہا ہوں کہ جو 2017ء کے Census کے مطابق این ایف سی کو Update ہونا چاہیئے، اس کو سندھ حکومت نے ان کی پارٹی نے بلاک کیا اور یہ جا کر اپنے چیف منسٹر کو کہہ دیں، زرداری ہاؤس میں جا کر کہہ دیں کہ خیبر پختونخوا کو ان کا این ایف سی کا شیئر ملے کیونکہ این ایف سی میں ہر صوبے کے پاس Veto ہوتا ہے، وہ این ایف سی کے پراسیس کو بلاک کر سکتا ہے۔ جناب سپیکر، یہ بڑی Interesting بات تھی جو انہوں نے کہا کہ تربیلا کی پروڈکشن غلط لکھی گئی تھی، چونکہ سارے فگرز غلط ہیں، میں اس کے لئے معذرت تو مانگ سکتا ہوں لیکن تربیلا کی پروڈکشن کو ہم لکھتے ہیں، نیٹ ہائیڈل پرافٹ کی Calculation

کے لئے یہ فگرز ہمیں واٹر اینڈ پاور منسٹری سے آتے ہیں، واٹر اینڈ پاور کے منسٹر کون ہیں؟ میرے خیال میں ان کا نام خورشید شاہ ہے، خورشید شاہ کی پارٹی میں، میں ذرا سیاست میں نیا ہوں، میرے خیال میں کنڈی صاحب، چلیں معاف کر دیتے ہیں لیکن اگر انہیں کہہ دیں کہ یہ غلط بیانی نہ کریں تو ہم صحیح فگرز لکھ دیتے ہیں، CRBC کی Allocation کے لئے کنڈی صاحب اور ان کی پارٹی نے تیس سال CRBC کے لئے کچھ نہیں کیا، اس سے پہلے چیف منسٹر پرویز خٹک صاحب نے، اسد عمر صاحب، اسد قیصر صاحب اور عمران خان صاحب نے تین سال اس پر کام کیا، ہمیں Allocation کی ضرورت اس لئے نہیں ہے کیونکہ ہم BOT کو دیکھ رہے ہیں، (Build-Operate-Transfer) ہم پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو دیکھ رہے ہیں، جب یہ ECNEC سے بھی ہم زبردستی پاس کرا دیں گے، کیونکہ ان کے Allies کو پتہ ہے، ان کے Allies جو جی ٹی روڈ پنجاب کی پارٹی ہے، وہ نہیں چاہتے کہ یہ بنے، ہم نے Approve کرانا ہے، ہم نے وہ جو دو سو چالیس (240) ارب میں اپنا پینسٹھ (65 ٪) فیصد شیئر ہے وہ دے کر اس کو بنوانا ہے، Rest assured کہ ہم صوبے کے فنڈ سے بنائیں گے، ہم BOT پر بنائیں گے، ہم PPP پر بنائیں گے، ان شاء اللہ پی ٹی آئی کی گورنمنٹ CRBC کا تحفہ خیبر پختونخوا کو دے گی اور پاکستان کو بھی دے گی۔ باقی میرے خیال میں چھوٹے موٹے جو Minorities funds کے لحاظ سے یہاں پر پوری لسٹ بنی ہے، میں دو تین چیزیں صرف کہہ دیتا ہوں، 500 million construction of worship places in new merged districts, 300 million minorities festivals celebrations کے لئے لیکن جناب سپیکر، Minorities کے لئے ضروری ہے اگر رنجیت سنگھ صاحب کو اس میں کوئی کمی نظر آتی ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب رنجیت سنگھ</u>: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

<u>وزیر خزانہ</u>: یار، سن لیں ناں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: Cross talk نہ کریں، سن لیں، رنجیت سنگھ، آپ نے سوال کیا ہے، اب سن لیں، وہ ابھی جواب دے رہے ہیں، سن لیں، سن لیں۔

(شور)

<u>وزیر خزانہ</u>: اگر ان کو کوئی کمی نظر آتی ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: صبر و استقامت سے سن لیں۔

وزیر خزانہ: کیونکہ جیسے ہم نے قبائلی اضلاع کا ذکر کیا تو Minorities کے لئے بھی پاکستان میں خاص جگہ ہونی چاہیئے، انڈیا میں ہمارے مسلمانوں کے ساتھ بی جے پی حکومت میں جو ہو رہا ہے، ہمیں اس کے برعکس ایک بڑا Different picture دینا ہے، کوئی بھی خامی وہ آ جائے، اگر بجٹ میں نہیں ہے تو ان شاء اللہ اس سال ہم ڈال کر وہ کر دیں گے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، فنڈز کی ریلیز کا ایشو ہے، میں ساری Minorities کے ایم پی ایز سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ وہ ساتھ Monthly meeting کیا کریں تاکہ اگر ہم اس کو Track کریں گے تو ان شاء اللہ سارے فنڈز Spend کریں گے، Minorities پر ہم سیاست نہیں کریں گے۔ جناب سپیکر، Implementation of funds & Bills کی بات ہوئی، ایک بات ہوئی کہ بلز فنانس جانے چاہئیں، پہلے ان کو Allocation کرنی چاہیئے، بالکل ابھی ایسا ہی ہوتا ہے لیکن کچھ بلز پرانے ان کے وقت کے بنے ہوئے ہیں، اس وقت اگر Allocation نہ ہوئی ہو، وہ ابھی ہمیں بھگتنا پڑ رہا ہے، جیسے 2004ء میں بڑا زبردست پنشن کا نظام شروع ہوا تھا، انہوں نے سولہ سال کام نہیں کیا، اس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج پنشن کا سالانہ بل 106 ارب روپے، اب میں یہ درانی صاحب سے یا بابک سے پوچھوں گا کہ جب آپ نے ایک اچھا پروگرام شروع کیا تھا تو اس کو کیوں سولہ سالوں میں Implement نہیں کیا؟ کیا یہ محمود خان صاحب کو Implement کرنا پڑے گا؟ اگر آپ کرتے تو ابھی ایک سو ارب روپے پنشن کا بل Funded ہوتا۔ جناب سپیکر، بادشاہ صالح صاحب نے بات کی، انہوں نے مجھے آفس میں نہیں دیکھا، ویسے یہ اشتیاق بھی ہنس رہا تھا، میرے خیال میں یہ گلہ کم لوگوں نے کیا ہے کہ میں آفس میں ٹائم نہیں دے سکتا۔۔۔۔

جناب بہادر خان: جناب سپیکر۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ Withdraw ہو گیا، اس نے Withdraw کی ہے۔

وزیر خزانہ: Sorry, بہادر خان، میں معذرت چاہتا ہوں، بہادر خان نے سکیم میں فنڈنگ کا کہا، وہ سی ایم صاحب نے مجھے انسٹرکشن دی ہے کہ ان کو کہیں کہ ہم فنڈ Provide کر دیں گے، Almost done، او شو۔ جناب سپیکر، درانی صاحب نے ایک اور لمبی تقریر کی NFC / NHP، میں نے بار بار جواب دیا، بزرگ ہیں، جواب دینا اچھا نہیں لگتا، انہوں نے کہا کہ آپ تین فیصد لینے میں فیل ہو گئے ہیں، میں مانتا ہوں کہ ہم تین فیصد میں فیل ہو گئے ہیں لیکن ہم بجٹ کو چالیس (40) ارب سے ایک سو تیس (130) ارب تک بڑھانے میں ضرور پاس ہو گئے ہیں لیکن جیسے میں نے شروع میں کہا کہ درانی صاحب

اور ان کی پارٹی ضرور پاس ہو گئی کہ انہوں نے قبائلی اضلاع کا بجٹ ایک روپے بھی بڑھنے نہ دیا، بلکہ اکیس (21) ارب روپے کم کر دیا، ان کی پارٹی اس میں بھی پاس ہو گئی کہ انہوں نے جب سے وہ آئے ہیں، جو ہمیں Monthly NHP کی Payment مل رہی تھی وہ بھی روک دی، ان دونوں سازشوں میں درانی صاحب کی پارٹی بالکل پاس ہو گئی۔ اگر یہ ان کا ایجنڈا ہے تو میں ان کو مبارک باد دیتا ہوں۔ جناب سپیکر، ضرور District wise allocation میں بہتری ہو سکتی ہے لیکن خوشخبری یہ ہے کہ اگر کوئی انتقام لینا ہوتا تو بنوں میں فنڈنگ Top three districts میں نہ ہوتی، میرے اندازے کے مطابق اور میں فگرز بھی پیش کر لوں گا، میرے خیال میں جتنا پیسہ ایک سال میں بنوں میں محمود خان صاحب کی حکومت میں لگا ہے، وہ درانی صاحب کی حکومت میں پانچ سال میں بھی نہیں لگا ہو گا۔ بعض نے ٹھیکیداروں کی بات کی، اگر فنانس میں کوئی کرپشن ہو رہی ہے یا کوئی کر رہا ہے، اس کے لئے Zero tolerance ہے، ثبوت دیں تاکہ ایکشن لوں۔ صلاح الدین صاحب کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے Withdraw کر دی، بابک صاحب کا بھی میں بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ یہ بھی مان گئے کہ ان کی گورنمنٹ ایزی لوڈ کی گورنمنٹ تھی، اس کا بھی میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ یہ بھی مان گئے کہ جب سے امپورٹڈ گورنمنٹ آئی ہے تو بجلی بھی بہت مہنگی ہو گئی ہے۔ انہوں نے Job creation کی بات کی کہ خیبر پختونخوا میں نوکریاں دینی چاہئیں، آج سے پانچ چھ دن پہلے مفتاح اسماعیل کے ہاتھ میں، یہ بھی میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ یہ بھی مان گئے کہ ان کے Allies فنانس منسٹر کے ہاتھ میں پاکستان اکنامک سروے تھا، اس میں چاروں صوبوں کی Jobs creation تھی، کس صوبے میں کتنی نوکریاں پیدا ہوئیں؟ جناب سپیکر، پچھلے تین سال میں خیبر پختونخوا جس کی آبادی پنجاب سے تین گنا کم ہے، وہاں پنجاب سے دوگنا زیادہ Jobs پیدا ہوئیں، سندھ سے تین گنا Jobs پیدا ہوئیں، یہ مفتاح اسماعیل کے ہاتھ کی دی گئی کتاب، ہم روزگار دینا جانتے ہیں، ایزی لوڈ نہیں جانتے۔ SNEs کی بات ہو گئی، تقریباً ساری وہ باتیں ہو گئی ہیں، اگر فنانس کے کام میں کوئی کوتاہی رہ گئی ہے تو میں معذرت چاہتا ہوں، بہتری کی گنجائش ہمیشہ ہوتی ہے۔ جناب سپیکر، جس جس نے Positive اصلاح کی، میں ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، خوشدل خان صاحب آج کل بڑے اچھے Mood میں ہیں، ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، میں سب ایم پی ایز سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ کٹ موشنز واپس لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، بالکل کٹ موشن واپس لیتی ہوں لیکن مجھے ایک بات سمجھ نہیں آتی ہے کہ یہ امپورٹڈ حکومت کسے کہتے ہیں؟ یہ اگر مجھے اصطلاح بتادی جائے تو میں فنانس منسٹر کی بہت زیادہ شکر گزار ہوں گی، یہ امپورٹڈ کہاں سے آئی ہے؟ مطلب کہیں باہر سے لوگ آئے ہیں جو باہر سے آکر حکومت کر رہے ہیں؟ یہ ذرا مجھے بتادیں پلیز۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: محمود احمد خان صاحب، Order in the House، نصیر خان صاحب، خاموش، محمود احمد خان صاحب۔

جناب محمود احمد خان: تھینک یو، جناب سپیکر، جھگڑا صاحب نے بات کی، انہوں نے کہا ہے کہ جمیعت علماء اسلام کے منسٹر صاحب نے کیبنٹ میں قبائل کی بات کی ہے، میں اس بات سے Agree نہیں کرتا، ہمارے منسٹر صاحب اور ہمارے ایم این ایز صاحبان، یہ جو کہہ رہے ہیں کہ انہوں نے کٹ کی بات کی ہے، کوئی اور بات کی ہے، یہ غلط بیانی ہے۔ جناب سپیکر، جمیعت علماء اسلام نے قبائل کی بات کی ہے، پہلے دن سے کی ہے، یہ کہتے ہیں کہ فنڈ کم ہے، ساڑھے تین سال تو ان کی بھی وفاق میں حکومت تھی، فنانس منسٹر نے این ایف سی ایوارڈ کے حوالے سے سندھ کی بات کی اور کنڈی صاحب کی طرف ہاتھ کیا، تو وفاق، پنجاب اور بلوچستان میں بھی ان کی حکومت تھی، انہوں نے جمیعت علماء اسلام کی طرف سے جو بات کی ہے، ہم اس بات کو بالکل Acknowledge نہیں کرتے، میں اپنی کٹ موشن واپس نہیں لیتا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: واپس لیتے ہیں؟

جناب محمود احمد خان: نہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، آپ نے ووٹ کرانا ہے۔ مس شگفتہ ملک صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ملک: جناب سپیکر صاحب، ما خو چې کوم کوئسچن کړے وو، منسټر صاحب خو د هغې جواب رانکړو، زما په خيال چې د دې د سره جواب نه وو ځکه هغه Mention نه کړو نو زه خپل کټ موشن واپس نه اخلم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو پرې ووټنګ کوئ؟ تاسو ماته صرف په Yes یا په No کښې جواب راکړئ چې څوک پرې ووټ کوی؟ میر کلام صاحب، تاسو ووټ کوئ که Withdraw کوئ ئے؟

Mr. Mir Kalam Khan: Withdraw.

جناب ڈپٹی سپیکر: Withdraw۔ مہربانی جی۔ نعیمہ کشور صاحبہ، Vote or withdraw?

محترمہ نعیمہ کشور خان: میں صرف ایک بات کروں گی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، باتیں تو آپ نے کر دی ہیں، ابھی آپ کی ساری باتیں ہو گئیں۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: پھر میں Withdraw کرلوں گی، ایک منٹ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Withdraw یا ووٹ؟ آپ نے مجھے بتانا ہے، Withdraw یا ووٹ، باتیں سب نے کر دی ہیں۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: جناب سپیکر صاحب، مجھے ایک عرض کرنے دو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دیکھیں جی، آپ باتیں کریں گی، پھر وہاں سے جواب آئے گا۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: چلیں، Withdraw.

Mr. Deputy Speaker: Withdrawn, thank you. Sardar Aurangzeb, withdraw or vote?

سردار اورنگزیب: جناب سپیکر صاحب، زبردستی نہ کریں، ہمیں کوئی بات کرنے دیا کریں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: باتیں تو آپ نے کر لی ہیں، باتیں تو ہو گئی ہیں، آپ نے ہمیں اور کتنے قصے سنانے ہیں؟

سردار اورنگزیب: میں یہ کہتا ہوں کہ ہمارے فنانس منسٹر صاحب۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ووٹ یا Withdraw، آپ نے باتیں کر لی ہیں، آپ بولیں گے تو پھر وہاں سے جواب آئے گا، پھر آپ پھر بولیں گے تو وہاں سے پھر جواب آئے گا، یہ سلسلہ پوری رات آپ کی کہانیاں ہم سنتے رہیں گے، بس ووٹ یا Withdraw?

سردار اورنگزیب: یہ فنانس منسٹر صاحب بہت دکھی نظر آ رہا ہے، مرکزی حکومت ختم ہونے کی وجہ سے اسے بہت دکھ ہے، میں اس کے زخموں پر مرہم لگانے کے لئے Withdraw کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میاں نثار گل، Vote یا Withdraw?

میاں نثار گل: جناب سپیکر صاحب، منسٹر صاحب کا جواب آ گیا کہ میں ضلعوں کے شیئرز کو علیحدہ کر کے بتاؤں گا، اس شرط پر میں اس کو Withdraw کر رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ Withdraw کر رہے ہیں، ٹھیک ہے۔ ریحانہ اسماعیل صاحبہ، موجود نہیں۔ حمیرا خاتون صاحبہ، Vote یا Withdraw?

محترمہ حمیرا خاتون: جناب سپیکر صاحب، آپ نے میرے ساتھ پہلے بھی زیادتی کی کہ ریحانہ کی بجائے میرا نام لیا، منسٹر صاحب نے جواب اسی ترتیب سے دیا، اب میں یہ Withdraw کرتی ہوں لیکن تھوڑا سا اس کا خیال رکھیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اختیار ولی خان صاحب، Vote یا Withdraw؟

جناب اختیار ولی: جناب سپیکر صاحب، میں Withdraw کرتا ہوں، But subject to the condition، اگر۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Condition پکښې نشته، بس Withdraw یا ووټ د ے ؟

جناب اختیار ولی: اگر Social Media Influencers کو ختم کرتے ہیں، اگر اس طرح Withdraw کرنا ہے تو میں Withdraw نہیں کرتا، پھر ووٹ کے لئے کہوں گا، آپ ایک دو لفظ کہنے کے لئے بھی نہیں چھوڑتے ہیں، یہ اسمبلی ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ نے Withdraw کر دی، آپ نے کہہ دیا، پہلے آپ طریقہ سیکھ لیں، آپ نے بات کر لی ہے، اب ووٹ یا Withdraw؟

جناب اختیار ولی: ووٹ کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، ووٹ کراؤ۔ احمد کنڈی صاحب، ووٹ یا Withdraw؟

جناب احمد کنڈی: جناب سپیکر، میں Withdraw کرتا ہوں لیکن صرف ایک بات۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں نہیں، یہ باتیں ہو گئی ہیں۔ رنجیت سنگھ صاحب، ووٹ یا Withdraw؟

جناب رنجیت سنگھ: جناب سپیکر، ہمارا جو امپورٹڈ وزیر ہے، وزیر زادہ، اس کی وجہ سے ہماری یہ ساری چیزیں فنانس منسٹر کے پاس جاتی ہیں، اصل میں آپ نے ہمارے اوپر جو امپورٹڈ وزیر بٹھایا ہے، وہ ہماری اقلیتوں کی چیزیں آپ تک نہیں پہنچا سکتا، میں Withdraw کر دیتا ہوں اس امید سے کہ آپ نے اچھے الفاظ کہے ہیں، اس لئے Withdraw کر رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بصیرت خان صاحبہ، ووٹ یا Withdraw؟

محترمہ بصیرت خان: جناب سپیکر، میں ووٹ کے لئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ووٹ، ٹھیک ہے۔ جناب بہادر خان صاحب، ووٹ یا Withdraw؟

جناب بہادر خان: Withdraw کوم، زه د منسٹر صاحب مشکور یم ځکه چې وائی که خاورې اخلې نو د لوېے ډیران نه اخله، چیف منسٹر صاحب ته ئے حواله کړو نو اوس د ده او د خدائے حواله ده۔

جناب ڈپٹی سپیکر: درانی صاحب، ووٹ یاWithdraw؟

قائد حزب اختلاف: اگر ہم واپس لیتے ہیں تو ہمارا جو مؤقف ہے وہ اسی طرح نہیں آتا ہے، یہاں پر بات ہوئی قبائل کی، اس کی چھ ایم این ایز کی سیٹیں ختم ہوئیں، اس سے نقصانات آئے ہیں، سینیٹ اس کا مکمل ختم ہوا ہے، جس سے فاٹا مکمل تباہ ہو رہا ہے، میں اس پر ڈیٹیل سے بات کروں گا، اس کو میں ووٹ کرواتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، تھینک یو۔ سردار حسین بابک صاحب، ووٹ یاWithdraw؟

جناب سردار حسین: جناب سپیکر، میںIn short، فنانس منسٹر صاحب، یہ ضروری ہے، آپ جلدی نہ کریں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ووټ یا Withdraw؟ دا راته اووایه چې خبره خو تاسو اوکړه، ګوره دا یو سلسله به شروع شي۔

جناب سردار حسین: آپ ذرا مہربانی کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تیمور جھگڑا صاحب، آپ اپناCellرکھ دیں، پختون یار صاحب، آپ بھی اپنا موبائل رکھ دیں ورنہ میں آپ سے لے لوں گا۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر، میرے بھائی، آپ ذرا آرام سے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں آرام سے کہہ رہا ہوں، دیکھیں میں نے اس لئے کہہ دیا، ابھی آپ بات کریں گے، دوبارہ پھر وہاں سے جواب آئے گا، آپ پھر بات کریں گے تو وہاں سے پھر جواب آئے گا، آپ نے تفصیلی بات کی ہے، ابھی آپ ووٹ کراتے ہیں یاWithdrawکرتے ہیں؟

جناب سردار حسین: تفصیلی بات میں نے کی ہے لیکن ایک اہم بات جو رہتی ہے، اگر آپ سنیں تو میرے خیال میں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کیا آپ نے جو پہلے باتیں کی تھیں وہ اہم نہیں تھیں، مطلب وہ غیر ضروری تھیں؟

جناب سردار حسین: اتنی دیر میں تو میں نے اپنی بات بھی کر لی ہوتی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اچھا، آپ نے بات ہی نہیں کی ہے؟ ماشاء اللہ، ماشاء اللہ، ووٹ یا Withdraw کر رہے ہیں، آپ Vote کر رہے ہیں یا Withdraw کر رہے ہیں؟ میں آپ سے پوچھ رہا ہوں۔

جناب سردار حسین: سی ایم صاحب نا ست دے ، گوره مه کوه، یو منټ کښېنې خبره کوم یا هلکه، د دې ډپټی سپیکرئ او د دې کرسئ لاج اوساته یار۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بابک صاحب، ایک منٹ، آپ ووٹ کر رہے ہیں یا Withdraw کر رہے ہیں؟ زه هم دغه لاج ساتم لګیا یم، زه ستاسو نه تپوس کوم ووټ کوئ که Withdraw کوئ؟

جناب سردار حسین: یوه خبره کوم، سی ایم صاحب نا ست دے ، گوره جی، زه۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Withdraw کوئ یا ووټ کوئ؟

جناب سردار حسین: سی ایم صاحب ته خبره کوم، سی ایم صاحب، ماته دا اطلاع را غله۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ان کا مائیک Off کر دیں، بالکل الحمد للّٰه ځکه چې زه هغه Follow کوم، زه د هغه Follower یم، یو منټ جی، دا تاسو ووټ کوئ که Withdraw کوئ؟ تاسو نه تپوس کوم۔

جناب سردار حسین: ځله ماحول خرابوئ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو ووټ کوئ که Withdraw کوئ؟ زه تاسو نه تپوس کوم۔

جناب سردار حسین: ځله ماحول خرابوئ، یره زه دې حکومت ته خواست کوم چې په دې دومره هاؤس کښېنې۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: زه Last time تپوس کوم چې تاسو ووټ کوئ که Withdraw کوئ؟ ٹهیک ده جی، دوئ Reply نه کوی نو مطلب دا دے چې دوئ Withdraw شو۔ ثمر بلور صاحبہ، موجود نہیں، شاہدہ بی بی۔

محترمہ شاہدہ: جناب سپیکر صاحب، زه خو احتجاجاً Withdraw کوم ځکه چې تیمور صاحب مونږ له زمونږ د خبرې جواب را نکړو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو ووټ کوئ؟

محترمہ شاہدہ: اؤ بالکل ووټ کوم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نثار احمد خان صاحب۔

جناب نثار احمد: ماته هم جواب نه دے ملاؤ، زه ووټ غواړم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اب میں ہاؤس کو ووٹ کے لئے Put کرتا ہوں۔

Now, I put these cut motions to vote. Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

Mr. Deputy Speaker: The 'Noes' have it. The cut motions are defeated. Therefore, the question before the House is that Demand No. 3 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted.

دیکھیں جی، آج تین ڈیمانڈ نوٹس تقریباً سوا تین گھنٹے، ساڑھے تین گھنٹے میں صرف تین ڈیمانڈ نوٹسز ہوئے ہیں، میری تمام ممبران سے ریکویسٹ ہے کہ شارٹ بات کریں، پھر آخری دن آپ اپوزیشن والے کہیں گے کہ آپ نے Guillotine لگا دیا ہے، آپ ہماری کٹ موشنز کو بلڈوز کر رہے ہیں، میں آپ سب سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس کو Smoothly چلائیں، شارٹ شارٹ باتیں کریں، آپ ممبران نے چار دن سب چیزوں پر ڈسکشن کی ہے، ڈسکشن کے بعد آپ دوبارہ وہی لیلیٰ مجنوں کی کہانی شروع کر دیتے ہیں تو پھر وہ مزہ نہیں کرتا۔

The sitting is adjourned till 2:00 pm, afternoon, Thursday, 23rd June, 2022.

(اجلاس بروز جمعرات مورخہ 23 جون 2022ء بعد از دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)